صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 25 جون 2025ء بمطابق 28 ذوالحجہ 1446ہجری بعد از دوپہر چار بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ O یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا O اِنَّ الَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَھُمۡ عَذَابًا مُّھِیۡنًا O وَالَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ بِغَیۡرِ مَا اکۡتَسَبُوۡا فَقَدِ احۡتَمَلُوۡا بُھۡتَانًا وَّاِثۡمًا مُّبِیۡنًا۔

(ترجمہ): اللہ اور اس کے ملائکہ نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں، اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تم بھی ان پر درود و سلام بھیجو۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کو اذیت دیتے ہیں، ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ نے لعنت فرمائی ہے اور اُن کے لئے رسوا کن عذاب مہیا کر دیا ہے۔ اور جو لوگ مومن مردوں اور عورتوں کو بے قصور اذیت دیتے ہیں اُنہوں نے ایک بڑے بہتان اور صریح گناہ کا وبال اپنے سر لے لیا ہے۔
و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِينُ۔'Leave Applications': جناب محمد خورشید صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ سردار شاہجہاں یوسف صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب احسان اللہ خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ مخدوم زادہ محمد آفتاب حیدر صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب شرافت علی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب امیر فرزند خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب طارق محمود آریانی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب جلال خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب زاہد اللہ خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب محمد عارف احمد زئی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

سجاد اللہ خان بھی نہیں ہیں، عجب گل وزیر صاحب ہیں کہ نہیں۔۔ اچھا اپوزیشن لیڈر صاحب، آج بھی General discussion ہے۔

ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2024-25ء پر عمومی بحث

Mr. Speaker:General Discussion on Supplementary Budget for the FinancialYear 2024-25 (including appropriation and charged expenditures) in the House.

اگر ویسے سپیچز کرنا چاہتے ہیں تو پھر بھی ٹھیک ہے کیونکہ اپوزیشن سے اگر کوئی ہمارا بھائی یا بہن رہ گیا تو وہ بول لیں یا پھر Demand for grant کے اوپر بولتے ہو، اس طرف سے بول لیں، کٹ موشنز کے اوپر بول لیں۔

جناب عباد اللہ خان (قائد حزب اختلاف): شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، کچھ لوگ رہ گئے ہیں، یہ سپیچز کر لیں تو پھر وہ کٹ موشنز لیں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، جی کون کرے گا؟ جناب عدنان خان۔

جناب عدنان خان:اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریہ۔جناب سپیکر صاحب،آپ تو پہلے سے کچھ گھبرا گئے ہیں، میں کچھ بولوں گا لیکن Facts and figure بولوں گا، آپ لوگوں کی کتاب سے ہی بولوں گا، ذرا دھیان دیجئے گا، عمل تو ویسے بھی آپ لوگوں نے نہیں کرنا ہے کیونکہ اسی طرح ہی بات ہوگی۔ سر، یہ سپلیمنٹری بجٹ ہے، سپلیمنٹری بجٹ کے حوالے سے میں دو تین گزارشات کرنا چاہتا ہوں، Tothe point، اس میں اگر White Paper, Page No. 8 کے اوپر چلے جائیں تو وہاں پر Current expenditure، اس میں Salary plus اور Non salary ہے، آپ کی جو سپیچ ہے، اس کے مطابق میں جا رہا ہوں، اس میں جو تخمینہ لگایا گیا ہے کہ ہمارا جو بجٹ ہے وہ 240 ارب روپے اور ایک کروڑ 37 لاکھ 51 ہزار 190 روپے کا ضمنی بجٹ پیش کر رہے ہیں، اسی تخمینے میں اگر آپ Estimate چیک کریں، White Paper, Page No. 8 کے اوپر 1237.72 billion rupees جو ہیں، یہ Estimated budget تھا، اس کے بعد ہمارے یہاں پر مشیر صاحب وہ کہتے ہیں کہ میں Actual نہیں دیتا Revised دیتا ہوں، حالانکہ Actual ہونا چاہیئے تھا، ابھی وہ Revised کہہ رہا ہے تو Revised 1386.795 billion rupees اس کے ہیں، یہ بنتے ہیں 149.075 billion rupees، یہاں پر اگر ہم کہتے ہیں کہ ہمارا بجٹ سرپلس ہے، اس کا معنی کیا ہے؟ میں معزز ایوان کی توجہ چاہتا ہوں کہ آپ کا سرپلس بجٹ جب آجاتا ہے، جس طرح آپ لوگوں نے پہلے 100 billion surplus budget دیا ہوا تھا تو سرپلس بجٹ کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ہمارے جو اخراجات ہیں، ہمارا جو ٹیکس ہے، جو ریونیو ہے، یہ زیادہ ہو جاتا ہے اور اخراجات ہم کم کر لیتے ہیں لیکن یہ سرپلس بجٹ کن چیزوں کے اوپر لگتا ہے وہ نئی تحقیق کرنا چاہتے ہیں، اس کے اوپر آپ لگا سکتے ہیں، آپ قرضوں کی مد میں دے سکتے ہیں، آپ اس کو نئے منصوبوں کے تحت دے سکتے ہیں، نئے منصوبوں کے تحت پرانے نہیں تو آپ کا سرپلس بجٹ کا مطلب یہ ہوتا ہے، یہ میں نہیں کہہ رہا ہوں، یہ آپ کا جو ریونیو ہے، اسی کے اوپر جو کتابیں بھری پڑی ہیں، جو ہمیں پڑھایا جاتا ہے، اس میں یہ چیزیں ہوتی ہیں کہ آپ صرف سرپلس بجٹ پیش کریں گے، سرپلس آپ کے پاس آجاتا ہے، آپ تین مدوں میں اس کو خرچ کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ آپ خرچ نہیں کر سکتے ہیں، یہاں پر آپ اپنی یہ کتاب اٹھالیں، اس میں آپ نے جو Surplus budget 100 billion کا پیش کیا ہوا تھا جو 100 billion کا نہیں تھا کیونکہ ابھی آپ 100 billion وہ Show کر رہے ہیں، 157 billion آپ Next year کے لئے July1st سے

آپ Show کریں کہ ہمارے پاس سرپلس ہے، آپ کا سرپلس نہیں ہے کیونکہ آپ یہاں پر خود کہہ رہے ہیں کہ 240 ارب کا جو ہے، آپ کا پرانا ہے، آپ کا وہ 100 billion آپ خود اس کو مائنس کر رہے ہیں، ابھی آپ 157 دے رہے ہیں تو 100 billion وہ مائنس کر لیں، یہاں پر آپ کا 240 ارب اب یہ مانگ رہے ہیں کیونکہ ہم آپ کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں، آپ آئین کے تحت مانگ رہے ہیں، ہم وہ سرپلس استعمال کر چکے ہیں، 240 ارب سے زیادہ استعمال کر چکے ہیں، آپ کا 100 billion کا جو سرپلس تھا وہ کدھر گیا؟ ابھی 157 billion جو آپ Show کر رہے ہیں تو آپ کا کدھر ہے؟ کیونکہ آپ 240 billion number one، دوسری بات یہ ہے کہ آپ نے جو سرپلس بجٹ سے وہ کیا ہے تو وہ آپ نے صرف مالی امداد تنخواہوں کی مد میں، ریلیف الاؤنسز اور یوٹیلٹی بلز، گیس و بجلی وغیرہ میں حالانکہ آپ اس میں Surplus budget utilize نہیں کر سکتے، سرپلس بجٹ آپ Utilize کریں گے تو آپ تین مدوں میں کریں گے، یہ بھی آپ لوگوں نے کیا ہے، عوام کے لئے ان اخراجات میں آپ لوگوں نے کچھ بھی نہیں کیا، اس کے بعد بڑے وثوق سے کچھ دنوں کے فنانس منسٹر اور ہمارے Permanent، ہمارے قدر دان لاء منسٹر وہ کل فرما رہے تھے کہ ہمارے Flagship projects ہیں، آپ کے Flagship projects ہیں، اس کا میں تھوڑا سا احوال بتادوں، یہ آپ کے Flagship projects ہیں، یہ کل آپ کے سات پراجیکٹس تھے، ان پراجیکٹس کا کل جو حجم ہے وہ 151.8 billion ہیں، ان پراجیکٹس میں آپ نے سرپلس بجٹ کیا ہے ناں، ان میں کوئی بھی نیا منصوبہ نہیں ہے، یہ آپ کے Flagship projects ہیں، میں نہیں کہہ رہا ہوں، یہ آپ کی کتاب اور آپ کا جو بجٹ ہے وہ خود کہہ رہا ہے، ان سات پراجیکٹس میں سے ایک بھی کوئی نیا پراجیکٹ نہیں ہے، اس میں کوئی بھی عوامی مفاد کا پراجیکٹ نہیں، مجھے ایک بھی Show کر دیں تو ہم مان جائیں گے۔ اس کے بعد میں آتا ہوں، آپ کی شاہ خرچیوں کے اوپر کیونکہ 12 کروڑ روپے آپ کا Austeritydrive تھا لیکن 12 کروڑ روپے بسکٹ کھانے کے اوپر خرچ ہوئے ہیں، سوشل میڈیا بھرا پڑا ہوا ہے، عمران کا Drive یہ تھا کہ Austerity drive خرچے ہم نہیں کریں گے، بحر حال آپ بسکٹ کے اوپر 12 کروڑ کر رہے ہیں وہ تو چلو آپ نے ہی عوام کو جواب دینا ہے، یہاں پر آپ Re-appropriation پر آجائیں، آپ کے پاس اے ڈی پی کی کتاب میں آپ نے Show کیا تھا کہ 1920 پراجیکٹس ہیں، 25-2024ء کے White papers میں ہیں، کتنے پراجیکٹس ہیں؟ 1920 پراجیکٹس ہیں، ان میں آپ نے وہ Schemes for completion رکھی ہوئی تھیں

کہ 536 پراجیکٹس ہم نے کمپلیٹ کرنے تھے، کل بھی منسٹر صاحب یہی کہہ رہا تھا، میں نے کہا، میں To the point جواب دوں گا، 536 پراجیکٹس آپ لوگوں نے Select کئے تھے کہ ہم نے کمپلیٹ کرنے ہیں لیکن اس کے باوجود بھی آپ لوگوں نے 441 پراجیکٹس صرف کمپلیٹ کئے ہیں، 95 پراجیکٹس آپ کے رہ چکے ہیں، اچھا مزے کی بات دیکھ لیں، آپ لوگوں نے کیا کیا ہے؟ Non-ADP Schemes approve کی ہیں، یہ کونسے قانون کے تحت آپ لوگ Non ADP scheme approve کرتے ہیں، آپ نے 23. Non ADP schemes منظور کی ہیں، 23 NoNon ADP schemes وہاں پر آپ لوگوں کی جو Targeted ADP schemes تھیں، اس میں آپ لوگوں سے 441 پراجیکٹس کمپلیٹ کئے ہیں اور 95 پراجیکٹس آپ نے چھوڑے ہیں، یہاں پر Non ADP کو آپ توجہ بھی نہیں دیتے ہیں، آپ نے تو وہ 23 نیو پراجیکٹس کئے ہیں، 23 نیو پراجیکٹس کی کل Cost کتنی بنتی ہے؟ 46 ارب روپے بنتی ہے، جناب سپیکر صاحب، یہ کیا مذاق ہو رہا ہے؟ 46 ارب روپے، آپ نہ ایوان سے منظوری لیتے ہیں، کس قانون کے تحت ہیں؟ Non ADP میں آپ اس کو Reflect کرتے ہیں، آپ اس کو منظور کرتے ہیں، پھر آپ آجائیں، Re appropriation کے اوپر آپ جو Re appropriation کرتے ہیں، اس میں میرے پاس جو فنانس کا ایک Paper پڑا ہوا ہے، یہ گورنمنٹ اس کو دیکھ لیں، اے ڈی پی میں آپ Re-appropriation کرتے ہیں، وہ کتنی Re- appropriation کرتے ہیں، 12 کروڑ روپے کی، 12 کروڑ روپے کی آپ Re- appropriation کرتے ہیں، اس میں جو تین سیکٹرز ہیں، اس میں آپ زیادہ کرتے ہیں، ایک روڈ سیکٹر میں، ایک واٹر سیکٹر میں، ایک Multi-sectoral MSD میں آپ کرتے ہیں، یہ 12 ارب کی آپ یعنی اس کا مطلب یہ ہوا کہ Re-appropriation اس مد میں کرتے ہیں کہ آپ کے پاس Projects completion کے لئے وہ نہیں، آپ دوسرے پراجیکٹس کو یہ دے دیتے ہیں، یہ چیزیں ایسی ہیں کہ اس کے اوپر یہ دھیان بھی نہیں دیتے ہیں، اس کا جو ہے ناں، To the point کوئی جواب بھی نہیں دیتا ہے، فنانس کی طرف سے پتہ نہیں، کہاں سے یہ ہمیں بنا کر دیئے جاتے ہیں، Figures ہمارے پاس رکھے جاتے ہیں، بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم یہاں پر ویسے بیٹھے رہتے ہیں، پورے ایوان کی توجہ بھی نہیں ہوتی ہے کہ یار Actual کیا ہے اور اصل میں ہو کیا رہا ہے، سر، یہ جو غلطیاں ہیں، یہ میں نے ان کو پہلے بھی بجٹ سپیچ میں Point out کیا تھا لیکن ابھی ضمنی بجٹ میں یہ ان کو بتا رہا ہوں کہ آپ نے جو بھی کیا

ہے وہ غلط کیا ہے، قاعدہ اور قانون کے تحت نہیں کیا ہے، آپ نے اپنے ٹارگٹ کو Achieve نہیں کیا ہے، خود کہتے ہیں، ہم نے Target achieve کرنا ہے، آپ نے Target achieve نہیں کیا ہے، اس کے علاوہ آپ نے بجٹ میں اور بھی سکیمیں دے دی ہیں، بس میں زیادہ نہیں بولوں گا، میں صرف آپ لوگوں کو Food for thought کے لئے بول رہا ہوں، ایک دو باتیں یہاں پر میں Floor of the House، ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب موجود نہیں ہیں، ہمارے آصف بھائی نے کل ڈرون کے اوپر باتیں کی ہیں، یہ ہمارے امن و امان کے ساتھ جڑی ہوئی ہیں، ہم اپنے علاقے میں نہیں جا سکتے ہیں، یہ کس کی کمزوری ہے؟ یہ اس گورنمنٹ کی کمزوری ہے، میں Being as a MPA اپنے علاقے میں نہیں جا سکتا ہوں، ڈرون کے جو حملے ہوتے ہیں، میرے حلقہ جانی خیل میں ڈرون حملہ ہوا ہے، اس میں سولہ بچے اور عورتیں زخمی ہوئی ہیں، شہادتیں کن کی ہوتی ہیں؟ عوام کی ہوتی ہیں، اللہ سے میں یہ دعا کرتا ہوں، اللہ آپ کے اوپر یہ عذاب نہ لائے کیونکہ پہلے امریکن ڈرونز ہوتے تھے، ابھی ہمارے اپنے ہی ڈرونز ہیں، ہمارے اپنے یہ ڈرونز ہمارے اپنے ہی عوام کو مارتے ہیں لیکن حکومت نام کی کوئی چیز نہیں ہے کہ وہ آ جائیں اور ہمارے ان زخموں کے اوپر وہ مرہم لگالیں، دوسری جو اہم بات ہے وہ میں وزیر اعلیٰ صاحب کو مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہوں، بنوں میں ہمارا امن جرگہ ہوا تھا، بنوں کے سارے لوگ امن کے لئے نکلے ہوئے تھے، وہ بجٹ نہیں مانگ رہے تھے، وہ خیرات نہیں مانگ رہے تھے، وہ صرف سر کا امن مانگ رہے تھے، ابھی بھی ہم امن مانگ رہے ہیں، ہم نے وزیر اعلیٰ صاحب کو امن کی ایک ٹوپی پہنائی ہوئی تھی، میں یہاں پر ریکویسٹ کرتا ہوں کہ بنوں کے عوام کہتے ہیں کہ امن کی ٹوپی واپس کر دیں کیونکہ اس کی لاج وہ نہیں رکھ سکے ہیں (تالیاں) ہمیں ایسا امن نہیں چاہیئے، جس طرح ہم روز مرتے ہیں، ہم یہاں پر صرف تقریریں کرتے ہیں، ہمارے علاقوں میں، ہم خود اپنے علاقوں میں نہیں جا سکتے ہیں، ہمارے علاقوں میں امن نہیں آتا ہے تو ہمیں اس طرح کے بجٹ کی بھی کوئی ضرورت نہیں ہے، اس طرح کے نعروں کی بھی کوئی ضرورت نہیں، میں وزیر اعلیٰ سے مؤدبانہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ ہمیں امن دینے میں ناکام ہو چکے ہیں، مہربانی کر کے ہمیں وہ امن کی ٹوپی واپس کر دیں۔ دوسری بات اور آخری بات زیادہ نہیں بولوں گا کیونکہ اس سے زیادہ پھر ہو سکتا ہے کہ آپ لوگوں کا استحقاق مجروح ہو جائے گا، یہاں پر باتیں ہو رہی ہیں، ہمارے بینچز کی طرف سے کہ ہمیں فنڈز نہیں ملتے ہیں، میں ریکویسٹ کرتا ہوں، میں وزیر اعلیٰ صاحب سے ہاتھ جوڑتا ہوں، ہمیں کوئی فنڈز نہیں چاہیئے، اپنے پاس ہی رکھ لیں (تالیاں) ہمیں کوئی بھیک نہیں مانگنی

چاہیئے، ہم کوئی بھیک نہیں مانگتے، ہاں اگر آپ کو بھیک کی ضرورت ہے، یہاں پر چندہ اکھٹا کر لیں، ان شاء اللہ ہم سب سے زیادہ چندہ دینے والے ہوں گے، ہم کوئی سکیم نہیں مانگیں گے، آپ چاہے جس کو بھی سکیمیں دیں لیکن خدارا صوبے کے اوپر رحم کر لیں، عوام کے اوپر رحم کر دیں، ہمیں سر کا امن چاہیئے، اگر آپ حکومت نہیں کر سکتے، آپ ہمیں امن نہیں دیں سکتے، یہ Responsibility آپ کی ہے، آپ کے ایوان کی ہے، ان کرسیوں کی ہے، آپ کیبینٹ کی ہے، نہیں دے سکتے تو استعفیٰ دے دیں، بار بار ہمیں یہ نہ کہیں کہ یہ فارم پینتالیس ہے، فارم سینتالیس ہے، فارم سینتالیس تو یہ ہے، ہم تو بار بار یہ کہتے چلے آئے ہیں، یہ کنڈی صاحب ہمارے بیٹھے ہوئے ہیں، وزیر اعلیٰ صاحب کو کنڈی صاحب نے شکست دی ہے، یہ پہلے نمبر پر آیا تھا، آپ کا وزیر اعلیٰ صاحب تیسرے نمبر پر، دوسرے نمبر پر ہماری جمعیت تھی تو کدھر گیا وہ آپ کا فارم سینتالیس، پینتالیس، ہم صرف یہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ فنڈ اپنے پاس رکھ لیں، جس کو آپ بے شک چاہے دے دیں لیکن ہمیں صرف امن دے دیں، تحفظ دے دیں، نہیں دے سکتے تو وہ استعفیٰ دے دیں، یہ کرسی چھوڑ دیں، ہماری جان چھوڑ دیں، ان شاء اللہ اس صوبے میں امن بھی آئے گا، ہم خود اپنے مسائل حل کریں گے، اس کے لئے ہم جرگے کریں گے، ہم پشتون ہیں، جرگوں کی روایات ہیں، ان شاء اللہ جرگوں کے ذریعے ہم سارے نظام کو سنبھال لیں گے، بہت مہربانی، بہت شکریہ۔ Thank you very much۔

<u>جناب سپیکر</u>: جلال خان کدھر ہیں؟ نہیں، جلال خان پر ابھی میری نظر پڑی تھی، پہلے ان کی Leave Application آئی ہوئی تھی۔ جی جلال خان۔

<u>جناب جلال خان</u>: جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں نہیں، چھوڑیں، اپنی سیٹ پر آ جائیں، اپنی سیٹ پر آئیں، آپ کی Leave تو ہو گئی یا میں اسے ایوان کو دوبارہ Put کروں کہ آپ کو حاضر تصور کیا جائے۔

<u>جناب جلال خان</u>: کل بھی مسئلہ ہو گیا تھا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں تو پھر ادھر آ گیا ناں، یہ تو قاعدے کے مطابق آپ Leave پر ہیں۔

<u>جناب جلال خان</u>: Point of order پر بات کروں گا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ نہیں کر سکتے، آپ بیٹھ جائیں، نہیں نہیں، آپ آج کل، سازشوں میں مصروف ہیں، اچھا Correction کر لیں، Leave Application میں Correction کر لیں۔ ریحانہ اسماعیل صاحبہ ہیں ناں، ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: شکریہ۔ جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس پر یہ وزیر صاحبان بیٹھے ہیں، ابھی یہ بات کر لیں تو پھر اس کے بعد آپ بات کریں، نہیں وہ Correction کر دی ہے، خیر ہے۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: شکریہ۔ جناب سپیکر، جناب جس طرح جلال صاحب نے کہا، میں بھی عرض کرنا چاہتی ہوں کہ یہ سرکاری ملازمین کل پرسوں بھی نکلے تھے، جن کی تواضع لاٹھی چارج سے اور آنسو گیس سے ہوئی، اس گرمی میں یہ روڈ چھ گھنٹے تک بلاک رہا، آج پھر وہ تو آئیں ہیں تو کم از کم منسٹر فنانس جا کر ان سے مل لیں، ان کے مطالبات پر غور و خوض کر لیں، ہماری التجا ہے، میں نے آپ سے سرکاری ملازمین کے لئے کچھ عرض کیا تھا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں، Honourable Minister for Law & Finance کدھر ہیں؟ Minister for Law & Finance کو بلائیں، ادھر لابی میں ہوں گے، آنریبل منسٹر صاحب، ریحانہ اسماعیل صاحبہ نے ایک چیز Point out کی ہے کہ یہ پرسوں بھی سرکاری ملازمین آئے، ان پر شیلنگ ہوئی، آج پھر سرکاری ملازمین باہر آئے ہوئے ہیں، آج تو ابھی شیلنگ شروع ہوئی ہے یا نہیں۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: ابھی مجھے نہیں معلوم، پرسوں ہوئی تھی۔

جناب سپیکر: تو یہ کیوں Take up نہیں کرتے، یہ ہمارے بچے ہیں، ہماری بچیاں ہیں جو اس صوبے کے مختلف اداروں میں کام کر رہے ہیں، اس صوبے کے لوگوں کی خدمت کر رہے ہیں تو کیوں آپ میں سے کوئی آدمی جا کر ان کے ساتھ بات نہیں کرتا؟

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب، یہ معمول بن گیا ہے، ہم اس گیٹ پر دیکھتے ہیں، اس روڈ پر روزانہ کوئی نہ کوئی نکلا ہوتا ہے لیکن اس کی کوئی داد رسی نہیں ہوتی، ایک طرف ہم کہتے ہیں کہ ہم صوبے کو معاشی طور پر مضبوط کر چکے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: فیصل خان ترکئی کا مائیک On کریں، جی فیصل خان، آپ جواب دیں گے؟ کون دے گا؟ لاء منسٹر صاحب کا مائیک On کریں، بھئی، لاء منسٹر صاحب، کیا کون جائے گا، کون بات کرے گا؟

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): سر، اس طرح ہے، Already اس پر یہ جو ڈیمانڈز کر رہے ہیں، ڈسپیرٹی الاؤنس کے اوپر پراونشل کیبنٹ نے Already ایک کمیٹی بنائی تھی، جس میں میجر صاحب بھی تھے، ہمارے سجاد صاحب منسٹر ایگریکلچر، باقی بھی ہمارے آنریبل منسٹر صاحبان اس میں تھے، فنانس میں یہ کمیٹی تھی، انہوں نے تقریباً اس کے اوپر دو ڈھائی مہینے کام کیا، ابھی اس طرح ہے کہ جو ڈسپیرٹی الاؤنس تھا، اس میں یہ Decision ہو چکا ہے کہ 15 to 30 percent یہ Vary کرتا ہے۔ سر، ان کو 18 percent ملا ہے، کسی کو 22/23 percent, 27 percent لیکن یہ 30 percent تک ہے، ابھی یہ ان کی طرف سے جو ڈیمانڈ ہو رہی ہے وہ تقریباً اس میں یہ جائے گا، 45 percent تک، دیکھیں، آپ کو کل بھی یہاں پر بات کی گئی کہ "There are already financial constraints. ہیں، ہم نے Already austerity measures لئے ہوئے ہیں، Economic revival ہو رہی ہے، آپ کو پتہ ہے کہ پی ڈی ایم نے خزانے کا جو حال کیا ہوا تھا، اس سال میرے خیال میں وہ تھوڑا سا گزارا کر لیں، ہم چیف منسٹر صاحب سے بات کر لیں گے وہ چونکہ اسلام آباد میں ہیں، ان سے بات کر لیں گے، اس کے اوپر ایک کمیٹی بنالیں گے اور دیکھ لیں گے، اگر ان کی کوئی Genuine demand ہے تو ضرور اس کو دور کیا جائے گا۔

جناب سپیکر: اچھا، ان کے ساتھ آپ Already negotiation میں ہیں۔

وزیر قانون: سوری سر۔

جناب سپیکر: ان کے ساتھ آپ کے حکومتی سطح پر مذاکرات یا بات چیت کوئی چل رہی ہے؟

وزیر قانون: سر، ایڈوائزر فنانس صاحب ان سے پرسوں مل چکے ہیں اور جہاں تک انہوں نے احتجاج کے دوران جو شیلنگ کی بات کی نہ تو کوئی اس طرح پراونشل گورنمنٹ کی طرف سے Instructions ہیں، پرسوں جو ہوا وہ اس وجہ سے ہوا کہ ہمیں بھی بعد میں پتہ چلا کہ وہ چونکہ ریڈ زون میں Enter ہوئے تھے، یہاں پر اسمبلی اجلاس ہو رہا تھا، آپ کو پتہ تھا، سارا کچھ یہ ریڈ زون تھا، اس وجہ سے پولیس نے پھر اپنی Responsibility کے اوپر خود کیا تھا، پھر بعد میں منع کیا گیا، چیف منسٹر صاحب کی طرف سے جب ہمارے نالج میں آیا تو ہم نے منع کیا، آج اس سے زیادہ لوگ ہیں لیکن ہم نے کہا کہ ان کا حق ہے، یہ اپنا

Protestکر لیں، جہاں تک تعلق ہے، چونکہ یہ عوامی حکومت ہے، چیف منسٹر صاحب نے Already assuranceدی ہوئی ہے، مزمل صاحب اس کو دیکھ رہے ہیں لیکن آپ کو پتہ ہے کہ ایک لیول کے اوپر وہ مطالبات پورے ہو سکتے ہیں،اس طرح تو نہیں ہو سکتا کہ ابھی کسی کی خواہش کے اوپر وہ مطالبات پورے ہوں۔

جناب سپیکر: جی احمد کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: سر، میں نے کل بھی گزارش کی تھی، میں زیادہ لمبا ٹائم آپ کا نہیں لینا چاہتا، گزارش یہ ہے، ہمارے ملازمین ہیں، ہماری Backbone ہیں، میں نے تو کل بھی کہا ہے، اگر آپ کی کوئی Constraint ہے، آپ نہیں کرنا چاہتے ناں لیکن ان کو Engage کریں، آپ نے Non politicalبندے کے حوالہ کر دیا ہے، آپ ان کو بلائیں، میں ابھی وہیں سے آرہا ہوں، پولیس نے بندوقیں اور گولے تانے ہوئے، اگر گھنٹہ آدھا یہ لوگ نہیں جاتے تو پھر وہی آنسو گیس ہو گی اور بدنامی گورنمنٹ کی ہو گی، یہ وہی گورنمنٹ جو اسلام آباد میں جاتی ہے، ہم ان کا تحفظ کرتے ہیں، ہم کہتے ہیں کہ جو گولہ بارود یا آنسو گیس۔۔۔۔۔

ایک رکن:جناب سپیکر،۔۔۔۔

جناب احمد کنڈی: اچھا، نہیں ہوتا تو دو بندے بھیج دیں، ہماری تجویز ہے، آپ مطالبے نہ مانیں لیکن ان کو Engageتو کریں، کم از کم یہ لوگوں کو Faceکرنے سے ڈرتے ہیں، لوگوں کو Faceنہیں کر سکتے، پتہ نہیں، کس طرح یہ پولیٹیکل لوگ ہیں، اگر کوئیFinancial constraint ہے، ان کو بتائیں، ہمارے ہی لوگ ہیں، کوئی باہر سے تو نہیں آئے ہوئے، دو چار ایم پی اے بھیج دیں یہاں پر بلالیں، ان کو سمجھا دیں کہ بابا آپ کا مطالبہ غلط ہے، آپ نے ایڈوائزر کے حوالے کیا ہوا ہے وہNon politicalبندہ ہے، آپ پولیٹیکل لوگ ہیں، یہ آپ کی نیک نامی ہو گی جو آنسو گیس نہ چلے، ہم تو آپ کو مشورہ دے سکتے ہیں، باقی آپ کا اپنا کام ہے، شکریہ۔

جناب سپیکر: فضل الہیٰ خان۔

جناب فضل الہیٰ: تھینک یو۔ جناب سپیکر صاحب، ایسا ہے کہ کل جو مظاہرہ ہوا تو پھر میں ان کے پاس گیا ہوں، وہاں پر جو اکٹھے ہو گئے تھے، سکول میں وہاں پر میں گیا ہوں، ان کے ساتھ مذاکرات ہوئے، باقاعدہ انہوں نے اپنی ڈیمانڈ مجھے دی، ڈیمانڈ کے اوپر سی ایم صاحب نے کمیٹی بنائی، ہمارے ایڈوائزر صاحب ہیں،

ساتھ انہوں نے کہا کہ دو چار ممبر اور بھی لے لیں، ان کے لئے جو بھی مناسب ہے وہ کر لیں، کل سی ایم صاحب نے کمیٹی اناؤنس کی اور جو مزمل اسلم صاحب ہیں، میں نے سی ایم صاحب سے Written لیا ہے، کمیٹی باقاعدہ اناؤنس ہوئی ہے، آج جو احتجاج ہے، یہ بھی اس میں آ جائیں گے اور کل جو احتجاج آنے والا ہے وہ سب اس میں آ جائیں گے، میں ابھی ان سے بات کر کے آیا ہوں، انہوں نے کہا، تھوڑی دیر میں ختم کریں گے۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا، بس آپ کی بات ان کے ساتھ ہو چکی ہے۔

<u>جناب فضل الہیٰ:</u> جی ہاں، بالکل ہوئی ہے، بالکل ہوئی ہے سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> وہ ختم کر دیں گے۔

<u>جناب فضل الہیٰ:</u> جی بالکل۔

<u>جناب سپیکر:</u> ان پر شیلنگ نہیں ہو گی، دیکھیں، میں اس بات کا کبھی، لاء منسٹر صاحب، مجھے یہ بات سمجھ نہیں آئی ہے، لاء منسٹر صاحب، مجھے کبھی یہ بات سمجھ نہیں آئی ہے، گورنمنٹ کہتی ہے کہ ہمارے کہنے پر شیلنگ نہیں ہوتی تو پولیس کیسے شیلنگ، ان کو از خود کوئی الہام ہو جاتا ہے کہ ہم نے شیلنگ کرنی ہے۔

<u>جناب لیاقت علی خان (معاون خصوصی بہبود آبادی):</u> سر، یہ ریڈزون میں آ جاتے ہیں، اس لئے شیلنگ ہوتی ہے۔۔۔۔۔

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل:</u> اسلام آباد میں تو آپ بھی ریڈزون جاتے ہیں۔

<u>وزیر قانون:</u> اسلام آباد میں میڈم، ہم پر گولیاں چلائی گئیں، Sniper چلائے گئے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ ریڈزون ہے، لاء منسٹر صاحب، یہ ریڈزون کہاں سے شروع ہوتا ہے؟ یہ اسمبلی کے گیٹ تک ریڈزون ختم کریں ناں، لوگ تو آئیں ناں، لوگ اگر اس اسمبلی تک بھی نہیں آ سکتے تو پھر کیا ہے یار؟

(تالیاں)

<u>وزیر قانون:</u> نہیں جی، اسمبلی سے ان کو کسی نے نہیں روکا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اسمبلی سے آگے کور کمانڈر کا گھر ہے، ادھر آگے جج صاحبان ہیں۔

<u>وزیر قانون:</u> ان کی جو لیڈر شپ تھی، وہ کل بھی اندر آئی تھی، ہو سکتا ہے کہ آپ کے علم میں بھی ہو، پرسوں بھی آئی تھی۔

جناب سپیکر: یہ فوجیوں کی جو Picket (چوکی) باہر لگائی ہوئی ہے، سنیں یہ جو فوجیوں کی Picket ہے، اس Picket کو اٹھا کر آگے کریں، اسمبلی کے گیٹ تک لوگوں کو آنے دیں ناں، آئیں ناں لوگ، اسمبلی کے گیٹ تک ہمیں کیا پرابلم ہے؟

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب، یہ جو ڈسپیرٹی الاؤنس کی ہماری کیبنٹ کی جو کمیٹی تھی، چونکہ میں اس میں نہیں تھا، میجر سجاد صاحب وہ اس میں تھے تو یہ ڈیٹیل آپ کو وہ بتا دیں گے۔

جناب سپیکر: نہیں، مجھے اس بات پر ایک چیز کلیئر کریں، دیکھیں، یہ روز سین (Scene) لگا ہوتا ہے ناں، ہم کسی کے لئے ریڈ زون نہیں ہیں، یہ ہاؤس Public of Khyber Pakhtunkhwa کا Representative ہے (تالیاں) یہ اس کی Representation کر رہا ہے، اس صوبے کے لوگ اگر اپنے نمائندوں کے پاس نہیں جا سکتے، احتجاج نہیں کر سکتے تو کدھر جائیں؟ ٹھیک ہے، فوجی ہیں، فوجی (چوکی) سے آگے کور کمانڈر صاحب کا گھر ہے، سرینہ ہوٹل بھی آگے ہے، یہ جج صاحبان بھی آگے ہیں تو بھئی اس اسمبلی کے گیٹ تک ان فوجیوں کو کہیں کہ آپ اپنی Picket ادھر لگائیں، یہاں تک لوگوں کو آنے دیں، اس کو کیوں ریڈ زون بنایا ہوا ہے، کون سا یہاں ہم کوئی ایسی چیز رکھ کر بیٹھے ہوئے ہیں کہ جس کو خدشہ ہو گیا ہے، پبلک سے ان کے نمائندے بیٹھے ہیں، ان سے بات کریں، یہ ہمیشہ یہ ہوتا ہے، یہ اس گورنمنٹ میں نہیں، اس سے پہلے بھی یہی ہوتا رہا ہے، مگر اس کو کسی جگہ کسی لیول پر ایڈریس کریں۔ جی میجر سجاد صاحب۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: سر، میری بات باقی رہ گئی ہے۔

جناب سپیکر: آپ کی سپیچ رہ گئی، آپ نے قصہ ہی ایسا چھیڑ دیا، اب یہ جواب دے دیں، پھر آپ Continue کر لیں۔

جناب محمد سجاد (وزیر زراعت): شکریہ۔ جناب سپیکر، جیسے آپ نے فرمایا، جیسے آپ نے فرمایا، ان شاء اللہ وتعالیٰ اسی طرح ہی ہوگا، پاکستان تحریک انصاف کی حکومت میں کوئی ایسا عمل نہیں ہوگا، جس سے جمہوریت یا سرکاری ملازمین کو یا کسی خاص طبقے کو ان میں تفریق ہو یا کوئی نقصان پہنچائیں، Basically، یہ جو ڈسپیرٹی الاؤنس ہے، ڈسپیرٹی کو Basically address کرنے کے لئے کیبنٹ نے ایک کمیٹی بنائی، حکومت کو اس بات کا احساس ہے کہ تمام جتنے بھی کیڈرز ہیں، ان سب میں اگر کوئی اس قسم کی تفریق وہ محسوس کر رہے ہیں، اس کو ہر صورت میں ختم کیا جائے، اس میں کافی عرصے سے کام ہو رہا ہے، کافی حد

تک اس ڈسپیرٹی کو ایڈریس کیا جا چکا ہے، مثال کے طور پر ہمارے کچھ کیڈرز ہیں،PMS Cadre ہو گیا، PPS ہو گیا یا پھر اس طرح پولیس والے ہو گئے، پولیس آفیسرز ہو گئے، پھر ہمارے PROs ہیں، ہمارے Prisons کے ہیں، ہمارے Rescue, relief کے ہیں، یہ سارے ایک ایک کر کے ہم دیکھ رہے ہیں، کافی حد تک PMS,PPS, Police, Rescue, relief اور ساتھ Prison والے ابھی آپ اندازہ کریں کہ 2015ء کی Basic pay پر ہمارے کچھ ڈیپارٹمنٹس، کچھ ملازمین کی تنخواہیں چل رہی تھیں، اسی کو ایڈریس کیا گیا، Likewise PMS cadre کو آفیسرز کی جو بہت بڑی تعداد ہے، ان کو ایڈریس کیا گیا، Likewise PPS cadre کو ایڈریس کیا گیا اور Prison والوں کا، ان کو بھی کافی حد تک ایڈریس کیا گیا، جہاں تک بات آئی پولیس والوں کی، پولیس والوں کی تنخواہیں وہ بھی ڈسپیرٹی میں آرہی تھی کہ پنجاب کے برابر نہیں ہیں، ان کی تنخواہوں کو پنجاب پولیس کے برابر لایا گیا، پھر ساتھ ساتھ پولیس آفیسر کا چونکہ ایک الگ کیڈر ہے، کانسٹیبل سے لے کر 16 تک جو پولیس ڈیپارٹمنٹ میں کام کر رہے تھے، ان سب کی پنجاب پولیس کے برابر تنخواہ کر دی گئی اور جو پولیس آفیسرز ہیں، ہمارے پختونخوا میں جو Serve کر رہے ہیں وہ ان کی ڈیمانڈ یہ تھی کہ ہماری تنخواہوں کو بلوچستان کے آفیسرز کی جتنی بھی تنخواہ ہے، ان کے برابر کی جائے۔ جناب سپیکر، یہ میں اس ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کا جتنا بھی ایریا ہے وہ ہارڈ ایریا میں Count ہوتا ہے، ان کو الاؤنس وفاق دیتا ہے، ہم نہیں، صوبہ خود نہیں Afford کرتا، جبکہ ہم نے کیا چونکہ حکومت ہے، انہوں نے ہمارے پختونخوا کا جتنا بھی علاقہ ہے، وہ بھی ایک قسم کا ہارڈ ایریا ہی بنتا ہے، دہشت گردی کے حساب سے یا پھر جتنی بھی سیکیورٹی کے معاملات ہیں، یہ فیصلہ کیا گیا کہ صوبائی حکومت خود ہی برداشت کریں، اس وقت تک جب تک وفاق اس بات پر آمادہ نہیں ہوتا، اس کا ہم الگ کیس بنوا کر بھجوائیں گے، اگر وہ راضی ہو گئے تو ٹھیک ہے، ورنہ جتنے بھی پولیس آفیسرز ہیں، ان کی تنخواہ صوبائی حکومت برداشت کرے گی، اسی طرح Prisons کا بہت بڑا عملہ ہے، بہت پرانے سکیل پر یہ چل رہے تھے، ان کی تنخواہوں کو بھی ایڈریس کیا، ان کی ڈسپیرٹی، ابھی جہاں تک تمام سرکاری ملازمین ہیں، یہ ایک بہت بڑا Subject ہے، ان کو مرحلہ وار دیکھا جا رہا ہے، ان کے ساتھ ایک کنڈیشن بھی ہم نے رکھی ہوئی ہے کہ ہم اس کو آنے والے سالوں میں اس ڈسپیرٹی کو ایڈریس کریں گے لیکن اگر آپ دیکھیں کہ جوان کے الاؤنسز بڑھے ہیں، یہ 30% تک خود بخود جا رہے ہیں۔ جناب سپیکر، آپ اگر ان کی تنخواہیں دیکھیں تو یہ جو 10% Increase وفاق نے کیا ہے، یہ Increase ہم نے کسی کیڈر میں 20 % ,15% کیا ہے، کسی

کا20% سے 25% کیا ہے تو یہ All most اگر Average نکال لیں تو30% تک ان سب کا Increase کیا ہوا ہے جو کہ باقی کسی صوبے نے نہیں کیا ہے، وفاق نے بھی نہیں کیا ہے، یہ Credit ہماری حکومت کو جاتا ہے کہ ہم نے 10 % کے بجائے (تالیاں) 30 % تک لوگوں کی تنخواہیں بڑھائی ہیں، یہ اس طرح کا، جہاں تک انہوں نے احتجاج کیا، ٹھیک ہے، ہم ان کے ساتھ بات کریں گے، جس طرح فضل الہیٰ اور باقی لوگوں نے ان سے بات بھی کی ہے، ہم ان کو سمجھائیں گے، ان سے ہم بات کریں گے اور اگر وہ Convince ہو گئے تو ٹھیک ہے، ہم نے نہ تو کسی لاٹھی چارج کا حکم دیا، نہ شیلنگ کا، ریڈ زون کے اپنا کوئی پروٹوکول ہے، اگر کوئی پولیس آفیسر اس کو فالو کر رہا ہے تو اس میں جو ہے ناں، ان کو بھی تھوڑی سی احتیاط کرنا چاہیئے، ملازمین ذمہ دار لوگ ہوتے ہیں، کوئی ایسے غیر ذمہ دار لوگ تو نہیں، ان کو ہم یہ ذمہ داری کی بات کہہ رہے ہیں۔ جناب سپیکر، ایسی کوئی بات نہیں ہے جس طرح اپوزیشن کے ممبران صاحبان نے اشارہ کیا کہ ہم ان کو Look after نہیں کر رہے ہیں، ہم ان شاء اللہ وتعالیٰ ذمہ داری کی بات کر رہے ہیں، ذمہ دار حکومت ہے، ان شاء اللہ وتعالیٰ ان کے ہر ایک ڈسپیرٹی کو، ہر ایک کیڈر کو جس طرح ہمارے کچھ ایسے کیڈرز ہیں، جن کا ابھی کوئی نام و نشان ہی نہیں ہے، ہم نہ صرف ان کی باتیں کر رہے ہیں بلکہ ایک ایک کیڈر کو اٹھا اٹھا کر ڈسکس بھی کر رہے ہیں، سب کچھ ایک ساتھ نہیں ہوتا، ان کی تنخواہیں، الاؤنسز دیکھ کر ہم نے آگے چلنا ہے، اپنے وسائل بھی دیکھنے ہیں، ان شاء اللہ ان سے بات بھی کریں گے، اپوزیشن ممبران کی یہ بات بالکل سر آنکھوں پر، جو بھی آپ کی تجاویز ہوں گی، آپ یقین کریں، تجاویز آپ ابھی دے رہے ہیں، اس پر کام ہم نے تین چار مہینے پہلے سے شروع کیا ہوا ہے کہ اس ڈسپیرٹی کو At all ہم نے Eliminate کرنا ہے، تمام ملازمین کے درمیان میں سے ان شاء اللہ یہ ہم کر کے دیں گے، اللہ خیر کرے گا۔

<u>جناب سپیکر</u>: تو کوئی آدمی بھیج دیں، ان کے ساتھ Negotiate کر لیں کہ اس پر سی ایم صاحب نے کمیٹی بنا دی ہے، اس میں آپ لوگوں کا فیصلہ بھی ہو جائے گا، اتنی بات ہے۔

<u>وزیر زراعت</u>: ہاں ٹھیک ہے، نہیں، آپ Nominate کر لیں، ہم چلیں جائیں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: چیف وہپ صاحب، آپ Nominate کر دیں۔

<u>وزیر زراعت</u>: آپ Nominate کر دیں، ہم چلیں جائیں گے، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: وزیر صاحب، ہیلتھ منسٹر، احتشام علی۔

جناب احتشام علی (مشیر صحت): سر، لوگ آئے ہوئے ہیں، Protest ان کا حق ہے، وہ اپنی جائز ڈیمانڈ کر سکتے ہیں، ہم ان ہی کے نمائندے ہیں، ہم ان کا خیال رکھیں گے، ان کی مراعات کا خیال رکھیں گے (تالیاں) جتنے بھی ہمارے ادھر منسٹر صاحبان ہیں، ایک دو ایم پی اے صاحبان، ان کی اپنی ایک کمیٹی ہو گی، ان کو بلوا لیتے ہیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر جو جو چیزیں صوبائی گورنمنٹ نے کی ہوئی ہیں، جو Steps لئے ہوئے ہیں، ان کے لئے وہ بھی ان کے ساتھ شیئر کریں گے، ان کی جو ڈیمانڈ ہے وہ لے کر پھر ہم سی ایم صاحب کے ساتھ بیٹھیں گے کہ سر، یہ یہ ان کی ڈیمانڈز ہیں، ان کی اگر Genuine demands ہیں تو ان شاء اللہ وتعالیٰ گورنمنٹ اس کو Accept کرے گی، ادھر سے ایک کمیٹی، جس میں منسٹر صاحبان بھی ہوں، ایک دو ایم پی اے صاحبان بھی ان کے ساتھ بیٹھ کر ہم ان کو تفصیلی بریف کریں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہو گیا جی۔ بس فضل الٰہی خان کو بھی ساتھ لے جائیں ناں، آپ کل بھی گئے ہوئے تھے۔ اچھا، آپ ریحانہ اسماعیل صاحبہ، آپ Continue کریں، Already ادھر بات ہو رہی تھی۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: سب سے پہلے میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ ہماری سڑکوں پر جو ملازمین نکلے ہیں، اس کے لئے آپ نے ان کو اس پر قائل کیا کہ جا کر ان کی بات سنیں، میں اس پر آپ کی شکر گزار ہوں، آج سپلیمنٹری بجٹ پر بحث ہے لیکن ہمیں 13 جنوری کو ایجنڈا ملا تھا، اس بجٹ سیشن کے لئے۔۔۔۔

جناب سپیکر: کوئی ایم پی اے تو جائے ناں؟ کوئی ایم پی اے چلا جائے، ایک Single آدمی۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: اس میں Annual Budget کے لئے بھی دن رکھے گئے تھے، سپلیمنٹری بجٹ کے لئے بھی رکھے تھے لیکن مجھے افسوس ہے کہ تین تین دن کا ایجنڈا آپ لوگوں نے بلڈوز کیا، ایک دن پر لیا، ہماری اپوزیشن کی تمام Demand for grants جب کی گئی، اس پر ہمارے Cut motions نہیں لئے گئے، ہم ان تمام ڈیپارٹمنٹ کی ناقص کارکردگی پر بات کرنا چاہتے تھے، اپوزیشن کا ایک کردار ہوتا ہے، آپ نے اس کردار پر قدغن لگائی وہ سارا بلڈوز کیا، ہمیں بات کرنے کے لئے اجازت نہیں دی تو اس پر ہمیں افسوس ہے کہ دو تہائی اکثریت ہونے کے باوجود پتہ نہیں آپ لوگوں کو کیوں اتنی بوکھلاہٹ تھی یا آپ تذبذب کا شکار تھے کہ آپ نے ایک دن میں اتنا Speedy budget پاس کیا، یہ Speedy budget پاس کرنے پر نہ صرف ہم خوش نہیں بلکہ آپ کی اپنی قیادت بھی خوش نہیں ہے، وہاں ابھی قسم قسم کے بیانات آ رہے ہیں کہ وہاں آپ کو کیا جلدی تھی؟ وہاں پر تو کل گوہر صاحب نے کہہ دیا تھا کہ ابھی

بجٹ پاس کرنے میں پانچ دن باقی ہیں، ان کو یہ معلوم نہیں تھا کہ آپ نے ایک دن میں Annual budget بھی پاس کر لیا تو یہ قابل افسوس ہے، آج ضمنی بجٹ پر بحث ہے، رول 124 کے تحت ضمنی بجٹ پر آپ کو Provision ملتی ہے لیکن یہ قابل افسوس ہے کہ ہر سال ضمنی بجٹ بڑھتا جا رہا ہے، ضمنی بجٹ کی اجازت ضرور ہے لیکن اس کے ساتھ کچھ شرائط بھی ہوتی ہیں، کوئی غیر یقینی صورتحال ہو یا بہت ایمرجنسی ہو یا بہت ضرورت ہو، میرے خیال میں یہ ضمنی بجٹ آپ کی ناقص کارکردگی کا ثبوت ہے، اس میں آپ دیکھیں، Current expenditure کے لئے جو آپ ڈیمانڈ کر رہے ہیں، 192 ارب 74 کروڑ 42 لاکھ 38 ہزار 70 روپے، یہ Current expenditure ہے، Current expenditure معلوم ہوتے ہیں، الاؤنسز ہوتے ہیں، سیلریز ہوتی ہیں اور جیسے چیزیں ہوتی ہیں جو Annual budget میں آپ کو Reflect کرنی چاہیئے لیکن اس کے باوجود آپ ضمنی بجٹ میں اس کی اجازت لے رہے ہیں، یہ قابل افسوس ہے۔ دوسرا ڈیولیپمنٹل میں 47 ارب 26 کروڑ 95 لاکھ 13 ہزار روپے کی ڈیمانڈ کر رہے ہیں، یہ ٹوٹل بنتا ہے، 240 ارب 01 کروڑ 37 لاکھ 51 ہزار 190 روپے، میں سمجھتی ہوں، میرے خیال میں آج آپ اس کی منظوری لے رہے ہیں، میرے خیال میں، میری ناقص رائے میں یہ غیر قانونی ہے کیونکہ اس بجٹ کی آپ نے Annual development میں اس کی اجازت نہیں لی، آپ نے Expenditure کر لئے ہیں اور اب Financial year کے اختتام پر آپ اس کو Legalize کرنے کے لئے آج اس کو ایجنڈے پر لائے ہیں، ہم اس کو legal کر لیں جو ہم نے Expend کر لیا ہے، میرے خیال میں یہ نہیں ہونا چاہیئے، ہر سال یہ Expenditure آپ کے مزید بڑھتے جا رہے ہیں، پہلے بھی ضمنی بجٹ آتے تھے لیکن ضمنی بجٹ بہت چھوٹی Amount کے ہوتے تھے، اس پر کوئی اتنی بحث بھی نہیں کرتے تھے کہ ٹھیک ہے، کچھ چیزیں جو بڑھ جاتی ہیں، اس کے لئے ضروریات ہوتی ہیں لیکن جب سے پی ٹی آئی کی گورنمنٹ آئی ہے، ایک طرف آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے بچت کر لی ہے، سرپلس بجٹ دے دیا ہے، دوسری طرف آپ اتنی بڑی Amount کا ضمنی بجٹ لے کر آ رہے ہیں تو یہ سراسر تضاد ہے، یہ تضاد ہمیں بتاتا ہے کہ آپ کا بجٹ جو آپ نے بنایا ہے وہ بالکل ٹھیک نہیں تھا، یہاں پر مزمل صاحب نے اس بجٹ کی بہت تعریفیں کی ہیں، دو تین دن سے وہ تو ہمیں نظر بھی نہیں آ رہے ہیں، پہلے تو ایک دو دن بہت تعریفیں کیں لیکن ان کا Stamina اتنا نہیں تھا کہ وہ تمام بجٹ سیشن میں یہاں پر بیٹھ سکتے، اگر اگلے سال تک یہ اسمبلیاں رہیں، ہم اس کے ممبر رہیں تو پھر ہم آپ کو

دکھائیں گے کہ آج کل وہ تعریفیں کر رہے تھے کہ ہم ایک متوازن بجٹ دے رہے ہیں، سرپلس بجٹ دے رہے ہیں لیکن اس کے باوجود مجھے یقین ہے کہ اس ضمنی بجٹ سے زیادہ اگلے سال اس سے بھی آگے لے کر جائیں گے، ہر سال یہ ہو رہا ہے کہ ضمنی بجٹ مزید آپ بڑھا رہے ہیں، یہ طریقہ کار ٹھیک نہیں ہے کہ آپ اس طرح اربوں روپے ضمنی بجٹ کی منظوری کے لئے اس کو ہاؤس میں لاتے ہیں، میں سمجھتی ہوں کہ یہ Process کم ہونا چاہیئے یا میرے خیال میں ختم ہونا چاہیئے، اس کے علاوہ اس دن جو بجٹ پاس ہوا، ہم نے Walk out کیا، اس میں ہم نے فنانس بل میں امنڈمنٹ بھی دی، ہم نے پیش نہیں کی، آپ کہہ رہے ہیں کہ ہم ٹیکس فری بجٹ دے رہے ہیں لیکن آپ نے کسی کو بھی نہیں بخشا، شادی ہالوں پر ٹیکس، نجی سکولوں پر ٹیکس، وکیلوں پر ٹیکس، درزیوں پر ٹیکس، ٹریفک جرمانوں پر، جرمانے وہ مزید بڑھا دیئے ہیں، صرف عجیب وغریب جرمانے ہیں، ادھر جانے پر اتنا، ادھر جانے پر اتنا، الٹا آنے پر اتنا، آگے جانے پر اتنا، جرمانوں سے آپ حکومتیں چلائیں گے، اس کے علاوہ پانچ مرلے گھر جو کوئی Rent کے لئے دیتا ہے تو اس پر بھی ٹیکس، ایک طرف آپ نوکریاں نہیں دے رہے ہیں، کوئی اپنے لئے کچھ تھوڑا بہت Increase یا کچھ اپنے لئے ہاتھ پاؤں پھیلاتے ہیں تو اس پر بھی آپ لوگوں نے ٹیکسوں کا بوجھ بڑھا دیا ہے، یہ دن بدن جو آپ ٹیکس بڑھا رہے ہیں، دوسرا آج مزمل صاحب اس ہاؤس میں کیوں نہیں ہیں؟ صرف ایک دو دن ان کا Stamina تھا، یہاں پر انہوں نے پچھتر سال کی تمام حکومتوں کی کارکردگی گنوا دی، لیکن کم از کم ہمیں Surety تو دیں کہ اگلے سال پھر یہ ضمنی بجٹ اتنا زیادہ نہیں آئے گا، اگر ضمنی بجٹ اس سے زیادہ آیا تو ہم یہ کہہ سکیں گے کہ ان کا یہ بجٹ بھی انہوں نے صحیح نہیں بنایا، ان کا موازنہ ٹھیک نہیں تھا، انہوں نے حساب کتاب غلط کیا ہے، شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: بہت شکریہ۔ اچھا، اگر حکومت ان کو، میرا خیال ہے کہ پہلے اپوزیشن کو ہم ٹائم دے دیتے ہیں، دیکھیں، یہ دیکھ لیں، آپ کے حکومتی ممبرز سارے ٹائم مانگ رہے ہیں، چیف وہپ نے کہہ دیا کہ حکومتی ممبروں کو ٹائم نہیں دینا، چیف وہپ ذمہ دار ہیں، رشاد خان کا پہلا نام لکھا ہوا ہے۔

<u>جناب محمد رشاد خان</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے میں آپ کا بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے یہاں اپنی چیئر سے حکومت کو ہدایت جاری کی کہ وہ باہر جائے اور جو وہاں سرکاری ملازمین آئے ہوئے ہیں ان کے مسائل سنے اور ان سے بات کرے، ان پر جو لاٹھی چارج ہوا، میں اس کی بھرپور مذمت کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، آپ یہاں پر گورنمنٹ ہیں، حکومت ہیں، ان کو اپنی ذمہ داری لینی

چاہیئے، ان کو فرعون نہیں بننا چاہیئے، ان کو حکمران بننا چاہیئے، لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنی چاہیئے، ذمہ داری قبول کرنی چاہیئے، یہ لوگ کہاں جائیں گے؟ اگر ان کے کوئی تحفظات ہیں، خدشات ہیں، یہ کس کے پاس جائیں گے؟ یہ اس اسمبلی کے سامنے آئیں گے، ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ جو ہماری روایات ہیں، ان کو باہر پانی پلایا جاتا، ان کے لئے کوئی سائے کا بندوبست کیا جاتا، اس کے برخلاف ان پر لاٹھی چارج یا شیلنگ کی گئی، میں اس کی بھرپور مذمت کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، بجٹ کے اس موقع پر میں حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کیونکہ میں دیکھ رہا ہوں کہ بجٹ کے دوران کورم پورا ہو رہا ہے حالانکہ اس سے پہلے یہ دیکھنے میں آیا ہے، آپ اسمبلی کا اجلاس بلاتے ہیں بلکہ یہاں پر Requisite کیا جاتا ہے، اسمبلی کو ریکوزیشن پر بلایا جاتا ہے، یہ ایک بدنما داغ ہے کہ یہ اپنی وہ تعداد یہاں پر پورا نہیں کر پاتے، یہاں پر خود ہی کورم کی نشاندہی کرتے ہیں وہ بعد میں پتہ چلا کہ سی ایم صاحب نے میرے خیال سے کوئی دس ہزار روپے جرمانہ ممبرز پر لگایا ہوا ہے کہ کوئی نہ آیا تو اس پر جرمانہ لگے گا، اس وجہ سے اگر آپ کی تعداد پوری ہے، آپ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ جناب سپیکر، کسی بھی اسمبلی میں، کسی بھی حکومت میں ضمنی بجٹ کا پیش ہونا، یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہ سرپلس بجٹ نہیں ہوتا، یہ میں پچھلے بجٹ میں اس ایوان میں یہ کہہ چکا ہوں کہ یہ سو ارب کا جو ڈھنڈورا پیٹا گیا کہ سرپلس بجٹ پیش کیا جا رہا ہے، میں نے اس ٹائم نشاندہی کی تھی کہ یہ سرپلس بجٹ نہیں ہے، یہ آج جو ضمنی بجٹ پیش کیا گیا، یہ اس بات کا اعتراف ہے، میرے خیال سے آج کے بعد کم از کم سوشل میڈیا پر اس چیز کا ڈھنڈورا نہیں پیٹنا چاہیئے کہ ہم نے سرپلس بجٹ پیش کیا ہے۔ جناب سپیکر، میں بجٹ پر کیا بات کروں گا، کافی ممبران اس پر بات کر چکے ہیں کہ اس بجٹ میں کوئی نیا ہسپتال، کوئی نئی یونیورسٹی کچھ نہیں بن رہا، میں اپنے حلقے کی دو تین چیزیں سامنے لانا چاہوں گا، یہ ہیلتھ، سپیشل اسسٹنٹ ٹو سی ایم، یہاں فلور پر میں نے بات کی تھی کہ ہمارے شانگلہ کے لوگوں کے مسائل ہیں، وہاں کے Kidney کے Patient جاتے ہیں، Dialysis کے لئے دوسرے شہروں میں، یہاں پر انہوں نے بھرپور ذمہ داری لی اور کہا کہ ایک ہفتے میں یہ مسئلہ حل ہو جائے گا وہ مسئلہ بعد میں ہم نے DHQ level پر خود حل کیا ہے، وہاں پر لوکل ڈاکٹروں سے، یہ بہت زیادہ شرمناک ہے کہ وہاں پر 2005ء میں جو زلزلہ آیا تھا، جو Equipments ہیں وہ ابھی تک بند پڑے ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر، یہاں پر کوئی پوچھنے والا نہیں ہے کہ اتنے مہنگے Equipments وہاں پر پڑے ہوئے ہیں، آلات، مشینیں اور ان کو استعمال نہیں کیا جاتا، سپیشل اسسٹنٹ نے ذمہ داری لی وہ ایک روپیہ بھی وہاں پر نہیں دے سکے،

لوکل ذرائع تھے، وہاں پر ہم بیٹھے ہیں، ڈاکٹروں نے وہ سٹور کھلوائیں ہیں، جہاں پر یہ مشینیں پڑی ہوئی تھیں، جناب سپیکر، میں بار بار کہتا آ رہا ہوں کہ بشام ہسپتال ہماراز مین بوس ہوا ہے وہ زمین پر پڑا ہوا ہے وہ جب بھی بات کرتے ہیں، کوئی پیسے ویسے ریلیز ہو جاتے ہیں، اس کی وجہ اسمبلی میں بار بار یہ بات ہوئی ہے، فنانس ہو، جو بھی ڈیپارٹمنٹ ہو وہ کمیشن کے بغیر پیسے ریلیز نہیں کرتے یہاں پر آپ جس آفس میں بھی جائیں، ٹھیکیدار بیٹھے ہوتے ہیں، حکومت کو اس چیز پر سوچنا چاہیئے، وہاں پر ڈاکٹرز نہیں ہیں، کوئی بھرتی نہیں ہو رہی، وہاں پر سٹاف بی ایچ یو سے لے کر ڈی ایچ کیو تک مجھے کوئی ایک وہ بتادیں، جہاں پر سٹاف پورا ہو، اس میں حکومت کو چاہیئے کہ بے روزگاری میں بھی جو کمی آئے گی، لوگوں کے لئے آسانی بھی آئے گی، اگر ہیلتھ میں کچھ بھرتی کی اجازت دی جائے ڈاکٹرز وغیرہ وغیرہ کی۔ جناب سپیکر، امن وامان کے حوالے سے یہاں پر عدنان خان نے بات کی کہ پورے جنوبی اضلاع نے ایک پگڑی امن کے نام پر پہنائی تھی۔ جناب سپیکر، میرے ضلع میں گنا گرھ چیک پوسٹ پر حملہ ہوا، تھانیدار سمیت دو پولیس والے شہید ہوئے، تخ تنگے پر فضا مقام ہے، وہاں پر حملہ ہوا، ابھی تک کوئی تحقیقات نہیں کہ حملہ کس نے کیا؟ کس طرف نکل گئے؟ کس طرف سے آئے؟ سب سے باعث شرم بات یہ ہے کہ جس چیک پوسٹ پر حملہ ہوا، اس چیک پوسٹ کو ختم کر دیا گیا، ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ ان کو اضافی نفری دی جاتی، ان کو اضافی مراعات دی جاتیں، ان کو جدید اسلحہ دیا جاتا، ان کو ایسی چیزیں مہیا کی جاتیں جس کے ذریعے وہ مقابلہ کرتے وہ چیک پوسٹ وہاں سے ہٹادی، یہ ہمارے امن وامان کا بڑا عجیب سا منطق ہے کہ جہاں پر حملہ ہوا ہے، بھئی یہاں سے ہٹ جائیں، وہاں پر آپ نہ جائیں، اس چیز کو دیکھیں، آپ صوبے کے امن وامان کا سارا جو سسٹم ہے وہ آپ کی سمجھ میں آ جائے گا۔ جناب سپیکر، ایجوکیشن منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ہمارے شانگلہ میں ایجوکیشن میں سیاسی مداخلت بہت زیادہ ہے، آئے روز تبادلے ہو رہے ہیں، میں آپ کے نوٹس میں لاؤں کہ ہماری فیمیل ایجوکیشن وہ بند ہو رہی ہے، ایک ایک سکول میں بارہ، بارہ اساتذہ کو رکھا ہوا ہے، ایک سکول کو بالکل بند کر دیا گیا ہے، وہاں پر بات کریں تو کہہ رہے ہیں کہ جی یہ تو اوپر سے ہدایت آئی ہے، یہ کریں، وہ کریں، کم از کم اگر آپ ہمیں وہاں پر نئے سکولز نہیں بنا سکتے، کم از کم وہاں پر Discipline تو خراب نہ کریں، یہ ٹرانسفر پوسٹنگ میں جو سیاسی مداخلت ہے، یہ میری آپ سے ریکویسٹ ہے کہ اس کو بند کریں۔ جناب سپیکر، ہمارے ضلع میں یہ منسٹر صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، کوئی بھی سی اینڈ ڈبلیو کے ماتحت ایک روڈ ایسا نہیں ہے جو آپ کسی کو دکھا سکیں کہ یہ روڈ ٹھیک ہے، میں چیلنج سے کہتا ہوں، مجھے شانگلہ میں

ایک روڈ سی اینڈ ڈبلیو کا، یہ تو شکر ہے کہ این ایچ اے کا وہ آئے ہیں، بشام سے الپوری، الپوری سے سوات اور سوات سے پورن، وہاں سے بونیر وہ ظاہر ہے کہ ایک روڈ موجود ہے، سی اینڈ ڈبلیو کے زیر اہتمام کوئی بھی روڈ کام نہیں کر رہا، ایم اینڈ آر کے پیسے آجاتے ہیں وہ ٹھیکیدار پتہ نہیں، کہاں پر خرچ ہوتے ہیں، میری یہ تجویز ہے، منسٹر ایجوکیشن اور منسٹر سی اینڈ ڈبلیو سے کہ یہ آپ Implement کریں، پوری اسمبلی کے لئے Implement کریں، کوئی ایک ہائی سکول، مڈل سکول، پرائمری سکول، ہائر سیکنڈری، کوئی ایک یو سی وہ ایک ایم پی ایز کے Under کریں ناں، ان کو ڈی ای اوز کے اختیارات دیں، آپ دیکھیں، سکول کیسے کامیاب ہوتے ہیں، ڈی ای اوز آپ کا نام لیتے ہیں، آپ ادھر کا اشارہ کرتے ہیں، یہ لوکل سکولز یو سی وائز کم از کم یہ ایم پی ایز کے اس پر کریں پھر آپ دیکھیں کہ وہاں پر تعلیم کیسی ہوتی ہے، وہاں پر اساتذہ کیسے پورے ہوتے ہیں، اسی طرح میری سی اینڈ ڈبلیو سے درخواست ہے، پچھلے سال پانچ کروڑ روپے ایک جگہ بھی نہیں معلوم کہ یہ پیسے کہاں پر خرچ ہوئے ہیں؟ جناب سپیکر صاحب، یہ میری کچھ تجاویز ہیں، میں بجٹ میں وہ بکس کو گھما رہے ہیں، ڈسٹرکٹ وائز دیکھ رہے ہیں، ڈیپارٹمنٹ وائز دیکھ رہے ہیں، شانگلہ کا نام نہیں ہے، تمام ڈسٹرکٹ کا نام ہے، شانگلہ کا نام نہیں ہے وہ ٹھیک ہے یہاں سے ہم دو ایم پی ایز ہیں، ٹھیک ہے بھئی وہ اپوزیشن کے، آپ کا ایک جو حکومتی ایم پی اے حاجی صاحب ان کو بھی آپ لوگوں نے ایک روپیہ نہیں دیا، آپ نے یا تو ٹرانسفر پوسٹنگ میں ان کو Busy کیا ہوا ہے کہ آپ کام نہ مانگیں، یہی کریں، کم از کم دس ہزار روپے تو ان کو دینے چاہیئے تھے، کم از کم اس بک میں شانگلہ کا نام تو آجاتا، یہ گلہ ہے ہمارا وہ نہیں کر سکتے، پتہ نہیں مجھے حیرانگی ہے، ہمیں نہ دیں، ان کو تو دیں، کم از کم یا پھر میں ان کو مشورہ دیتا ہوں کہ آئیں ہمارے ساتھ بیٹھیں، ہم اپوزیشن، ادھر ہم اپوزیشن میں ہیں، مرکز میں ہم حکومت میں بیٹھے ہوئے ہیں، آئیں ہمارے ساتھ بیٹھیں، جو منصوبے ہیں وہ مل کر لے آتے ہیں، اپنی لیڈر شپ سارے ایک ساتھ بیٹھتے ہیں، جو صوبائی لیول پر ہو، جو مرکزی لیول پر ہو، جو ہمارے مسائل ہیں، ان شاء اللہ وہ حل کرتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میری آپ کی اجازت سے، آپ کی خصوصی اجازت سے میں بجلی پر دو منٹ بات کرنا چاہوں گا کیونکہ انتہائی گرمی کا موسم ہے، لوگ وہ لوڈشیڈنگ کے ہاتھوں تنگ آچکے ہیں، ہمارے لوگ وہ لوڈشیڈنگ کی وجہ سے دریا کی طرف جاتے ہیں، وہاں پر عورتیں ڈوب گئیں، خواتین، بچے، جوان، بزرگ کوئی بھی نہیں رہا، ہر ہر جنس آپ دیکھ لیں وہ دریا کے کنارے جاتے ہیں وہ دریا برد ہو جاتے ہیں، اس کی بنیادی ذمہ داری یہ واپڈا والے ہیں، یہ پیسکو والے ہمیں میٹنگز میں کہتے ہیں کہ آپ چور

ہیں، چور تو یہ ہیں کہ جب بھی یہ لوگ لوڈ شیڈنگ کرتے ہیں، جب بھی ہم کوئی میٹنگ کرتے ہیں، ہم ان کو بتاتے ہیں کہ آپ کارروائی کریں، کنڈے کے خلاف ایک نام نہاد آپریشن شروع ہو جاتا ہے، ہم اس میں مداخلت نہیں کرتے وہRecoveryخزانے میں نہیں جاتی وہ ان کی جیبوں میں چلی جاتی ہے، لائن مین سے لے کر چیف ایگزیکٹیو یہ سارے چور ہیں۔ جناب سپیکر، شانگلہ جو ہے وہ بجلی پیدا کرتا ہے، ہمارے پاس خان خوڑ سے (72) بہتر میگاواٹ بجلی سسٹم میں آچکی ہے، ہمارا کروڑہ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ بارہ میگاواٹ بالکل تیار ہے، ایسا نہ ہو کہ ابھی جو حالت میں دیکھ رہا ہوں، وہاں پر بدترین احتجاج ہو گا وہ احتجاج شاہراہ ریشم پر ہو گا، ہمارے شمالی علاقے، جو سیاچن روڈ ہے، بعد میں ہم پرPressureآجاتا ہے کہ یہ ریڑھ کی ہڈی ہے، اس روڈ کو کھلوائیں، اگر یہ بدترین لوڈ شیڈنگ بند نہ کی گئی جس طرح لوگ دریا برد ہو رہے ہیں، ایک بدترین احتجاج ہو گا، ہم خود اس احتجاج میں شرکت کریں گے۔ جناب سپیکر، میں آپ کا بڑا مشکور ہوں، ان شاء اللہ وتعالیٰ یہ امید رکھتا ہوں کہ آپ بجٹ کی جو سپیچ ہے، جو بجٹ کیCut motionsہیں، اس طرح ضمنی بجٹ کٹوتی کی طرف نہیں جائیں گے، اس میں ڈیپارٹمنٹ وائز ہمیں موقع دیں گے کہ ہم اس پر بات کر سکیں۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: کوئی ایک یا آدھا دیکھ لیتے ہیں، ایک یا آدھا دیکھ لیتے ہیں، ٹھیک ہے ناں؟ کنڈی صاحب میں نے کہا، ایک یا آدھا دیکھ لیتے ہیں، کٹ موشنز کو بھی ایک پر، آپ بحث کر لیں پھر آگے دیکھ لیتے ہیں، پھر سپیچز نہ کریں ناں، پھر جب اس پر بحث کرنی ہے، آپ سب کا نام ہے، بس سپیچز ختم ہوں گی تو میں اس کو لیتا ہوں۔

جناب احمد کنڈی: کٹ موشن شروع کریں، اس پر بات بھی کرتے رہیں گے اور کٹ موشن بھی چلتے رہے گے، میں نے کہا کہ کٹ موشن پر بات بھی ہوتی رہے گی۔ جناب، یہ بات کر لیتے ہیں پھر نکل جاتے ہیں، جب بزنس ہو جائے، یہ چلے جاتے ہیں، پھر کورم پورا نہیں ہوتا، پھر ہمارا دن ضائع ہو جاتا ہے، یہ جتنی بھی باتیں کر کے چلے جاتے ہیں، آپ ریکارڈ اٹھا کر دیکھ لیں، اپوزیشن لیڈر بھی بیٹھا تھا، لطف الرحمان صاحب بھی بیٹھے ہوتے ہیں، ہم بھی بیٹھے ہوتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ ان کو کوئی جواب دینا چاہتے ہیں۔

جناب احمد کنڈی: میں تو ریگولر بیٹھتا ہوں آپ کے آخری، بھائی روز سنتے ہیں۔

جناب سپیکر: چیف وہپ صاحب نے مجھے کہا ہے،لغمانی صاحب، میرے پاس آپ سب کے نام لکھے ہوئے ہیں جس ترتیب سے یہ ابھی میں نے لکھے بھی نہیں، جس ترتیب سے پہلے سے لکھے ہوئے ہیں، یہ ایک ترتیب ہے،آپ سب کے نام ہیں،چیف وہپ کہہ دیں،آپ کا بعد میں کریں، مجھے تو کوئی اعتراض نہیں۔

(شور)

جناب سپیکر:اکبر ایوب خان،آپ بھی بیٹھ جائیں، پہلے میں آپ کے چیف وہپ سے بات کرلوں، سر، ادھر آجائیں۔آنریبل ممبرز،اس طرح ہے،آپ تشریف رکھیں، سارے تشریف رکھیں،آپ تشریف رکھیں،آپ تو ہماری بہن ہیں،آپ کیوں فکر کرتی ہیں،اگر آپ کے بغیر بات ہوگی تو پھر آپ مجھے کہیں، اچھا،آنریبل ممبرز اس طرح ہے، چونکہ بہت سارے آنریبل ممبرز نے اس بجٹ کے اوپر حکومتی بینچوں سے بھی اور اپوزیشن بینچوں سے بھی اظہار رائے نہیں کیا، مناسب یہ ہوگا کہ آپ سارے اظہار رائے کر لیں،اس کے بعد ہم کٹ موشنز کو لے لیں گے،آج ہوگیا تو آج کرلیں گے، شروع کردیں گے۔

ایک رکن:جناب سپیکر،۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، کل لے لیں گے مگر یہ آپ خیال رکھیں کہ اگر آپ Specific time کے اندر اپنی بات کمپلیٹ کریں، پھر دس، دس منٹ نہ لیں، پھر تین سے چار منٹ میں اپنی بات کمپلیٹ کریں،آپ منعم خان،آپ کا ادھر سے چونکہ نام لیا گیا تھا،آپ سب سے پہلے بول لیں، پھر ڈاکٹر امجد صاحب بول لیں گے۔

Mr. Speaker:The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 01 billion 35 crore 60 lac 42 thousand only may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2025 in respect of General Administration.

Cut motions on Demand No. 2.Ms Sobia Shahid, MPA,to please move her cut motions on Demand No. 2.

محترمہ ثوبیہ شاہد: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، میں سو روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں، ستر روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: آپ نے تو تین ہزار کا نوٹس دیا ہوا ہے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: کہاں ہے؟ جناب سپیکر صاحب، میں تین ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs.03thousand only.Mr. Jalal Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2. Mr. Jalal Khan, MPA, please, not present, it lapsed. Mr. Reshad Khan, MPA,to please move his cut motion on Demand No. 2.

وہ بعد میں رشاد کا ہے ناں، Sardar Shahjehan Yousaf, MPA,to please move his cut motion on Demand No. 2, not present, it lapsed. Mr. Adnan Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2,Mr. Adnan Khan, MPA, please.

جناب عدنان خان: میں پچاس روپے کٹوتی کا موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs.50 only.Mr. Ejaz Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No 2. Mr. Ejaz Muhammad, MPA, please.

جناب اعجاز محمد: 50روپئ کٹ موشن پیش کوم جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs.50 only. Ms Rehana Ismail, MPA,to please move her cut motion on Demand No. 2,not present, it lapsed.Mr. Sajjadullah Khan, MPA, to please move his cut motion on Demand No. 2.Mr. Sajjadullah Khan, MPA, please, not present, it lapsed.Mr. Muhammad Raiz, MPA, PK-95,to please move his cut motion on Demand No. 2.

جناب محمد ریاض: جناب سپیکر صاحب، میں10روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by Rs.10only.Ms Sobia Shahid, MPA.

محترمہ ثوبیہ شاہد: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، کیونکہ یہ سپلیمنٹری ہے تو Last October میں ایک کوسچن میرا آیا تھا، اس میں ہم نے یہی بلاسود قرضے کے لئے، اس اسمبلی سیکرٹریٹ کے لوگوں کو

Attached department تصور کیا گیا تھا جس پر آپ نے فنانس سیکرٹری بھی بلایا تھا، بات ہو گئی تھی کہ اس کو وہ کلیئر کر دے، یہ ایک الگ ہی ادارہ ہے لیکن اس پر کوئی بھی عمل درآمد نہیں ہوا۔ جناب سپیکر صاحب، ابھی اس سیکرٹریٹ میں ہمارے کلاس فور بھی ہیں، لیکن کے پی اسمبلی سیکرٹریٹ کو ابھی تک، ان کا نام ہی قرعہ اندازی سے نکال دیا گیا ہے، میں نے یہ دو تین دفعہ اس بجٹ میں کوسچین پوچھا ہے لیکن کسی نے بھی اس کا جواب دینا مناسب نہیں سمجھا، یہ بہت ضروری ہے کیونکہ آپ اپنے ہی اس سیکرٹریٹ ادارے کے محافظ نہیں بن سکتے، ہم اس کو عزت نہیں دے سکتے، میں جو بار بار یہ کہہ رہی ہوں کہ اس ادارے کے غریب اور ان کے ممبران جو بہت سے لوگ ہیں جو کہہ رہے تھے کہ ہمارے پریولیج، اس کے لئے میں نے بات کی، اس میں جو ممبران غلط طرف پر تنخواہوں کے لئے لے گئے تھے، میں نے تو بتا دیا تھا کہ ہمارے ممبران 16 ہیں، میں خود جلدی سے ادھر جا رہی ہوں، ہو سکتا ہے کہ میں ادھر سے چلی جاؤں لیکن ہمارے ممبران اپنے زور بازو پر آئے ہوئے ہیں، ادھر ان کو تنخواہوں کی ضرورت نہیں ہے، آپ کے ممبران کو ضرورت ہیں جو روزانہ مجھے کہتے ہیں کہ خدا کے لئے بات کرو، خدا کے لئے بات کرو، پی ٹی آئی کے ممبران مجھے کہتے ہیں کہ خدا کے لئے یہ بات کرو، ابھی ویسے بھی ادھر میں ایم این اے کی سیٹ کے لئے جا رہی ہوں، تو ہمارے لئے بات کرو، اس لئے میں نے کہا کہ آپ نے۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کا کیا تعلق ہے۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سیکرٹریٹ ایمپلائز کے لئے بات کی۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کا تو ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ سے کوئی تعلق نہیں۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: لیکن ہمارے لئے بات نہیں کی، میں نے ان کو کہہ دیا تھا کہ میں آپ لوگوں کے پریولیج کے لئے بات کرتی ہوں کیونکہ ڈیپارٹمنٹس میں آپ لوگوں کے ساتھ جو سلوک ہوتا ہے، سیکرٹریٹ میں آپ لوگوں کو بٹھایا جاتا ہے لیکن اس وقت بھی میں نے کہا تھا کہ Basic pay جو 80 ہزار روپے ہے، خیر ہے وہ بھی قبول ہے لیکن کم سے کم ان ممبران کو MP-II کا وہ حق دیا جائے، اگر میں نے پریولیج کی بات کی کہ پرویز خٹک صاحب جب چیف منسٹر تھے، اس نے اس بل میں امنڈمنٹ کی تھی، جس سے ایک ممبر کی جو حیثیت ہے وہ ایک سرکاری سیکرٹری کے برابر کر دیا گیا تھا، اس کی تنخواہ بھی مطلب پانچ پرسنٹ بڑھتی ہے یا دس پرسنٹ بڑھتی ہے تو اس طرح کریں، میں نے یہی اس وقت بھی کہا تھا کہ نہ ہمیں یہ 80 ہزار روپے Basic pay چاہیئے، نہ کوئی ہمیں اور الاؤنس چاہیئے، اس ایوان میں جو بھی آتا ہے وہ عزت کے لئے آتا

ہے، چاہے اس طرف سے ہو یا اس طرف سے ہو کیونکہ پیسے کمانے کے لئے تو بہت سی جگہیں ہیں لیکن عوام کی خدمت کے لئے یہ ایک عبادت ہے، عبادت کے لئے آتا ہے تو کم سے کم بیوروکریسی کے اوپر ان کو عزت دی جائے، یہی بات اور میں نے بار بار کو نسچین کیا کہ جو ہمارے غریب لوگ ہے، اس کو بلا سود قرضے کے لئے کچھ کریں، جس پر آپ نے سیکرٹری کو بلایا تھا لیکن یہ ہر بات کو سیاسی طور پر لے کر جا رہے ہیں۔۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ چیف وہپ صاحب، نماز کے لئے وقفہ لے لیں، ابھی ٹائم ہو گیا۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جی۔

جناب سپیکر: آٹھ بجے ہم شروع کریں گے، ٹھیک ہے، آپ کی بات ہو گئی۔

(اس مرحلہ پر نماز مغرب کے لئے وقفہ کیا گیا)

(وقفے کے بعد جناب سپیکر، مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب عدنان خان۔

جناب عدنان خان: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی توجہ تھوڑا وہ، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ یہاں پر پھر بلڈوزر آ جائے اور بلڈوزر شروع ہو جائے، میں کہتا ہوں کہ تھوڑی سی ایک منٹ میں رولز کے اوپر بات کر لوں، ہمارے اسمبلی کے جو رولز ہیں، "Rules 140 to 149" آپ اگر اس کو Study کر لیں تو اس میں بلڈوزر کی گنجائش نہیں ہے، اس میں Rule 140 کے تحت آپ Page lock کریں گے، 141Rule کے تحت آپ جو شیڈول بنائیں گے، وزیر خزانہ کے ساتھ مل کر اور Rule 148 کا جو آپ حوالہ دیتے ہیں، 148 آپ Last میں ذرا اس کو پڑھ لیں تو اس میں Specifically لکھا ہوا ہے کہ جو Days allocate ہو جاتے ہیں، جو Days آپ لوگ وزیر خزانہ کے ساتھ مشاورت سے بجٹ کے لئے مختص کرتے ہیں تو کٹ موشن میں، آخری دن اس میں Specifically لکھا ہوا ہے کہ آخری دن، اگر آپ کا ایجنڈا کمپلیٹ نہیں ہوتا ہے تو تب جا کر آپ بلڈوزر لے آئیں اور بلڈوزر پھرا دیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہم شروع دن سے ہی بلڈوزر لے کر آتے ہیں، میں رولز کا حوالہ دے رہا ہوں کہ رولز میں As such ٹھیک ہے، Provision ہے آپ کے پاس، آپ کر سکتے ہیں لیکن وہ کٹ موشن کے

Last day کے اوپر، Traditionally یہ ہوتا ہے، چار دن بحث کے لئے، چار دن کٹ موشن کے لئے، دو دن ضمنی بجٹ کے لئے، دو دن ضمنی بجٹ کے کٹ موشنز کے لئے لیکن آپ کا حکم سر آنکھوں کے اوپر، آپ ہمارے سپیکر ہیں، آپ جو بھی کر سکتے ہیں، میں صرف ایک بات کرنا چاہتا ہوں، میں پولیس کی Regarding پولیس کی تنخواہوں کے Regarding، فنانس ڈیپارٹمنٹ نے 2018ء میں پولیس کی Upgradation کی بات کی تھی کہ پولیس کی Upgradation انہوں نے Approve کی ہوئی تھی لیکن وہ Upgradation ابھی تک نہیں ہوئی ہے، پولیس والے بیچارے وہ دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں، وہاں پر ہائی کورٹ میں ان کی وہ تاریخیں لگی رہتی ہیں، ایک تو آپ لوگوں کے پاس فنانس ڈیپارٹمنٹ کا 2018ء کا نوٹی فکیشن ہے، جس میں ان کی Up gradation کا، دوسرا ان کی وردی الاؤنس ہے وہ سات سو روپے جو ہیڈ کانسٹیبل سے انسپکٹر تک کی پوسٹ کے لئے سات سو روپے وردی الاؤنس ہے، یہ نوٹی فکیشن بھی 2025ء کا ہے، وہ آپ لوگ نہیں دے رہے ہیں، اسی طرح ان کا جو RiskAllowance ہے، یعنی جتنی بھی باتیں ہیں، ابھی وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم پنجاب کے برابر کر رہے ہیں، یہ میرا Last point ہے، پنجاب کے برابر آپ تنخواہ کس طرح کر رہے ہیں، وہاں پر آپ جو ٹیبل بنا رہے ہیں، اس ٹیبل میں میں ایک کانسٹیبل کی آپ تنخواہ بتا رہے ہیں کہ یہ 69ہزار ہے حالانکہ اس کی وہ 69ہزار تنخواہ ہے ہی نہیں، سات سال، آٹھ سال اس کی سروس ہو جاتی ہے تو ان کی تنخواہ جا کر 55ہزار بن جاتی ہے، اسی طرح یہ جو باہر ہمارے ملازمین بیٹھے ہوئے ہیں، یہ بیچارے بھی اسی کا رونا رو رہے ہیں کہ آپ یہاں پر دس فیصد بڑھانے کی بات کرتے ہیں، پیچھے تیس فیصد ہماری تنخواہوں سے آپ لوگ کٹوتی کر لیتے ہیں، یہ سراسر پولیس والوں کے ساتھ، ملازمین کے ساتھ یہ زیادتی ہے، فنانس والے جو Figure یہاں پر Show کرتے ہیں وہ بھی ہمیں بابو بنا لیتے ہیں، اللہ معاف کرے، ہم تو آپ لوگوں کو یہ بات بار باور کرانا چاہتے ہیں کہ بے شک ہم آپ کے ساتھ ہیں، ہم آپ کے ساتھ ہیں جو بھی آپ نیک کام کرتے ہیں، ہم ان کا ساتھ دے رہے ہیں لیکن جو غلطیاں ہیں، ہم ان کی نشاندہی کریں گے، ہم ان کو بار بار آپ لوگوں کے سامنے بیان کرتے رہیں گے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ لوگ جس طرح یہ آیات پڑھتے ہیں، الحمد للہ کی، اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ، اس کے ساتھ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ بھی پڑھا کریں، Thank you very much۔

جناب سپیکر: بہت شکریہ، اعجاز خان لیپس، ریحانہ اسماعیل صاحبہ، لیپس، محمد ریاض خان پی کے 95۔

جناب محمد ریاض: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ شکریہ۔ جناب سپیکر، بجٹ پر بھی میں بات کروں گا لیکن اس سے پہلے میرے کرم میں جو حالات ہیں، کسی کو پتہ نہیں، مطلب ہر کسی کو پتہ ہے، اس سے کون باخبر نہیں ہے، پھر بھی میں نے اس پر تھوڑی سی بات کرنی ہے، 21 تاریخ کو جو میں نے پہلے بھی کہا تھا، آپ نے پھر کہا تھا کہ قرارداد پاس ہونے کے بعد اس کے اوپر آپ بات کر لیں لیکن اس کے بعد بھی ایک واقعہ پیش آیا، میں نے بات شروع کی تھی، شام کا وقت تھا، بچے کھیل رہے تھے، کھیل کے بعد واپس اپنے گھر آ رہے تھے تو گولہ باری شروع ہو گئی، گولہ باری شروع ہونے کے بعد ہمارے چار معصوم بچے ان کی موت ہو گئی، شہید ہو گئے وہ بیچارے درختوں کے پتوں کی طرح ان کی ہڈیاں اور گوشت وہ بکھرے ہوئے تھے، علاقے کے لوگوں نے احتجاج شروع کیا، ان کی ہڈیاں اور گوشت کو اکٹھا کر دیا، احتجاج اس کے اوپر انہوں نے شروع کیا تھا، کیا ہمارے بچوں کی جو ہڈیاں ہیں، گوشت ہے، چار بچے ہیں، معصوم بچے ان کو الگ الگ کیا جائے۔ جناب سپیکر، ہمارے بچے، ہمارے علاقے کی عوام اتنے بے بس ہو چکے ہیں، اتنے کمزور ہو چکے ہیں، اتنی تھکان ہے، ہماری عوام اپنے بچوں کا یہ پوچھ نہیں سکتے کہ ہمارے بچوں کو آپ نے کیوں مارا ہے؟ یہی ہماری عوام کی ڈیمانڈ تھی کہ ہمارے بچوں کی ہڈیاں کون سی ہیں؟ اس کو الگ الگ کر دیا جائے۔ جناب سپیکر صاحب، اگر جو قربانی کا گوشت ہم ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہیں، خدا کی قسم اس طرح بوریوں میں وہ پڑے تھے، ہم کیا کریں؟ ہمارے کرم کی عوام جو ہے، وہاں پر جو آپریشن شروع ہے، ہمارے کرم کے عوام کی تھکاوٹ میں بتا رہا ہوں، خاص کر ہمارے حلقے کی عوام جو ہے، ایک طرف سے شیعہ سنی کے فسادات میں ہمارے گھروں کو آگ لگائی جاتی ہے، ہمارے بازاروں کو جلایا جاتا ہے، ہماری عورتوں کی بے عزتی ہو جاتی ہے، ہمارے جوانوں کو اور بوڑھوں کو آگ میں جلایا جاتا ہے، دوسری طرف ہمارا سنٹرل کرم دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے، تقریباً چار، ساڑھے تین لاکھ آبادی ہمارے سنٹرل کرم کی ہے، اتنا ہمارے لوگوں کو تھکایا، بے حس ہو چکے ہیں، ہمارے لوگ بھی تین سو پچاس کے قریب وہ آئے تھے، صرف یہی ڈیمانڈ تھی کہ ہمارے بچوں کی ہڈیوں کو الگ کر دیں، ہمارے ساتھ جو ریاستی ادارے ہیں، اس نے یہ ظلم کیا ہے، ہمارے بچوں کے اوپر گولہ باری کی ہے، اس سے پہلے بھی تقریباً ہیلی کاپٹر سے ہماری ایک بہن کو شہید کیا تھا، اس کے اوپر فائر کیا تھا، ہمارے گھروں کے اوپر شیلنگ ہو رہی ہے، اس کے علاوہ تیندوا ایک گاؤں ہے، کرم ایک علاقہ ہے، وہاں پر چھ بچے، جوان ایک ہی خاندان کے اس کے اوپر بم بلاسٹنگ ہوئی تھی، وہ بھی دہشتگردی تھی، پرسوں ایک چیک پوسٹ کے اوپر حملہ ہوا ہے وہ ان

چیک پوسٹ میں ایف سی کے نوجوان، آرمی کے جوان وہ بھی بیچارے ہمارے کرم کے ہمارے حلقے کے ہیں، ہم کیا کریں؟ صرف سوشل میڈیا کی حد تک ہمارے لوگ بھی محدود ہیں، یہاں پر میں بار بار ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ہمارے کرم کے لئے کچھ کرو، ہمارے ایکس فاٹا کے لئے کچھ کرو لیکن ہمارے کرم کی بھی بڑی بد قسمتی ہے، ہماری عوام کی بھی۔ جناب سپیکر صاحب، ہم سے پوچھا جائے گا، ایک دن ایسا ہو گا کہ ہم سے پوچھا جائے گا کہ آپ کی آنکھیں تھیں، آپ کے کان تھے، آپ نے اپنی آنکھوں سے اور کانوں سے کچھ سنا ہے، آپ کا دل تھا، آپ کے دل میں کیا تھا؟ آپ نے کیوں اپنی عوام کے لئے آواز نہیں بلند کی، یہ ہمارے چہروں پر ایک تمانچہ ہے، تھپڑ ہے، میں اپنی عوام سے بھی گلہ اس لئے کرتا ہوں کہ سوشل میڈیا تک لوگ محدود ہیں، اتنے بے حس ہو چکے ہیں، اگر کوئی گردن کے اوپر، اس کے اوپر چھری رکھے گا، اس کی گردن سر سے الگ کر دے تو وہ یہ کہے گا کہ یہ میرا سر الگ تو کر دو، بدن اور یہ سر خدا کے لئے ہمارے گھر تک Safe پہنچا دیں تاکہ ہماری قبر معلوم ہو وہ بھی بے حس ہو چکے ہیں، خاص کر میرا کرم جو ہے، کرم میں خاص کر میرا حلقہ کیا کریں، ایک طرف سے شیعہ سنی فسادات، دوسری طرف سے دہشت گردی، تیسری طرف سے ہماری ریاست جو ہماری محافظ ہے، ہم ان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ان کی قربانی ایسے نہیں، ان کو ضائع کرنے کے لئے وہ کہتے ہیں کہ وہ ضائع ہے لیکن وہ ہمارے محافظ ہیں، اگر محافظ اپنی پہچان کھو دیں تو وہ پھر ظلم ہے، جبر ہے، زیادتی ہے، وہاں پر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ٹائم کا خیال۔

<u>جناب محمد ریاض</u>: ایک منٹ سر، وہاں پر میں یہ بتا دوں، اگر کرم میں جو کرنل ہے، کرم میں جو وہاں پر آپریشن کا کمانڈر ہے، خدا کی قسم اس سے ہم زیادہ محب وطن ہے، خدا کی قسم ہمارا کرم ہماری عوام ہماری قبائلی عوام اس سے زیادہ پاکستان زندہ باد کا نعرہ اپنے دل سے لگاتے ہیں، شاہد وہ اپنے ستاروں کے لئے، اپنی وردی کے لئے، تنخواہ کے لئے، وردی کے لئے نہیں، تنخواہ کے لئے، اپنی پروموشن کے لئے وہ ہمارے بچوں کو مروا رہے ہیں لیکن ہم اس طرح نہیں ہیں، اس کے لئے کچھ کرنا چاہیئے، ہمارا اس ایوان سے مطالبہ ہے کہ ہمارے کرم کے لئے اور ایکس فاٹا کے لئے اور سارے کے پی کے لئے کچھ کریں، یہ جو دہشت گردی ہے، اس کے پیچھے ہمارا جو سسٹم ہے وہ برباد ہو چکا ہے، ایک دن ہم سے پوچھا جائے گا، یہ میری ریکویسٹ ہے، ہمارے ایک سال میں جتنے تقریباً پچاس شہداء ہو چکے ہیں، اس میں ہمارے حلقے کے عوام جتنے بھی شہید ہیں، اس کو ابھی تک معاوضہ نہیں ملا ہے، میری یہ ریکویسٹ بھی ہے جس طرح مردان میں، ڈی آئی خان

میں ان کو معاوضہ ملتا ہے، اسی طرح دیا جائے، پھر بعد میں اس طرح کی کوئی ایک قراداد پیش کی جائے کہ اگر کسی سے غلطی ہو جائے تو ان کو سزادی جائے، میری ریکویسٹ یہ بھی ہے کہ جس نے آرڈر دیا ہے جس نے گولا فائر کیا ہے، ان کے اوپر انکوائری کی جائے، اس کو کڑی سے کڑی سزادی جائے، یہ میرا اس ایوان سے مطابہ ہے، اس کا اختتام میں یہ پیش کرتا ہوں، ضمنی بجٹ کا جو ہے، (کٹ موشن) میں وہ واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب عدنان خان: جناب سپیکر،۔۔۔۔

جناب سپیکر: جناب وزیر قانون سے مطالبہ ہے، انہوں نے جو باتیں کیں ہیں وہ بڑی صائب باتیں ہیں، یہی حقیقت ہے، کیا چیز ہے یہ؟

جناب عدنان خان: Floor of the House وہ کہنا چاہتا ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بولیں۔

جناب عدنان خان: پختون یار صاحب، مجھے وہ سیکنڈ کریں گے۔ جناب سپیکر صاحب، سوری۔ یہ بات اس ضمنی بجٹ اور کٹ موشن کے بیچ میں تو نہیں لیکن میں بھول گیا تھا، اصل میں ہمارے کمشنر صاحب نے بنوں میں ایک جرگہ تھا جو بنوں کے مشران کا جرگہ تھا، یعنی وہاں پر کینٹ میں جرگہ ہو رہا تھا، وہاں پر اس نے یہ بات کی تھی کہ وہاں پر ایک لیڈیز پارک انہوں نے وہ کیا ہے وہ فیملی پارک بنوں کے لوگ بہت Restricted ہے، وہ مذہب کے ساتھ ان کا دلی لگاؤ ہے وہ یہ چیزیں جو Mix gathering ہے وہ نہیں چاہتے، اس کے خلاف علماء کرام اور عوام نے احتجاج کیا ہے، کمشنر صاحب نے وہاں پر بیان دیا ہوا ہے کہ یہ Apex committee میں میں بھی تھا، پختون یار صاحب بھی تھے، ہمارے باز محمد خان صاحب بھی تھے، ہمارے جو جماعت اسلامی والے پروفیسر ابراہیم بھی تھے، ہم پانچ بندے Apex committee میں بیٹھے ہوئے تھے کہ یہ Apex committee کا مطالبہ تھا، ہمارا تو یہ Floor of the House بنوں کی عوام کو میں یہ پیغام دینا چاہتا ہوں، پختون یار خان سن رہے ہیں وہ بھی مجھے سیکنڈ کریں گے کہ یہ Apex committee میں ایسی کوئی بات نہیں ہوئی تھی، ہم نے بات کی تھی وہ منسٹر صاحب نے کی تھی، پختون یار صاحب نے یہ بات کی تھی کہ ہماری عوام کے لئے روڈ کھول دیں، ہم سب کا یہی مطالبہ تھا، ہمارے جو نکات ہیں، بنوں میں امن وامان کے حوالے سے جو سولہ نکات ہیں، ان کے اوپر عمل درآمد کیا

جائے اور جو تفریحی مقامات ہیں، جن کو آپ لوگوں نے تالے لگائے ہوئے ہیں وہ عوام کے لئے کھول دیں، روڈز کھول دیں، تفریحی مقامات کھول دیں نہ کہ Mix gathering کھول دیں، ہمارے کمشنر صاحب نے یہ غلط بیانی کی ہے، میں اس کی پرزور الفاظ میں مذمت بھی کرتا ہوں، ان شاءاللہ حکومت بھی، گورنمنٹ بینچز بھی مجھے سیکنڈ کریں گے، پختون یار صاحب بھی اس کو سیکنڈ کریں گے۔

جناب سپیکر: پختون یار خان کا مائیک On کریں۔

جناب پختون یار خان (وزیر آبنوشی): شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، جس طرح عدنان بھائی نے بات کی، یہ حقیقتاً اس کی بات صحیح ہے کہ ہماری جب Apex committee بنوں کے مشران اور 19 جولائی کو جو Pass on ہوا تھا، اس کے بعد سی ایم صاحب سے ان کی ملاقات ہوئی، باقاعدہ طور پر کور کمانڈر صاحب بھی تھے، ساری Apex committee کے جو ممبران صاحبان تھے، ان کے سامنے یہ بات ہم نے کی تھی کہ پولو گراؤنڈ جو پرانا وہاں کا تاریخی گراؤنڈ تھا، ہمارے مشران وہاں پر سپورٹس کی Activities کرتے رہتے تھے، عرصہ دراز سے وہ گراؤنڈ بند پڑا تھا، ہمارے سٹی علاقے کے لوگوں کے لئے کوئی ایسی Facility یا سہولت میسر نہیں تھی تو اس بابت ہم نے ان کو یہ بھی کہا کہ آپ یہ گراؤنڈ بھی عوام کے لئے Sports کی Activity کے لئے کھول دیں، ساتھ ہی ساتھ جتنے بھی روڈز، جمعہ خان روڈ یہ باقی ماندہ روڈز جو بند پڑے ہوئے ہیں، اس کو بھی عوام کی سہولت کے لئے کھول دیں، اس کے ساتھ ساتھ ہمارے کینٹ کی حدود کے اندر جو گیٹ ہے، وہاں پر ہمیں In ہونا پڑتا ہے، ہماری ہائی کورٹ، ہماری جتنی Administration ہیں، وہاں پر ان کے آفسز ہیں، اس کے لئے بھی ہم نے ان کو کہا تھا کہ اس کا اختیار بھی آپ صوبائی حکومت کو اور یہ متعلقہ جو ہمارے محکمے ہیں، ان کو دے دیں، اس بات کا اختیار ان ساروں نے اس پر Agree کر دیا تھا، Last day جس طرح عدنان صاحب نے بات کی، ایک دو روز پہلے بنوں کے کچھ مشران کے ساتھ کمشنر صاحب کی نگرانی میں اور ہمارے وہاں پر لوکل کمانڈر صاحب کی نگرانی میں ملاقات ہوئی تھی جس میں کمشنر صاحب نے کہا تھا کہ مشران نے بھی وہاں پر Apex committee میں چیف منسٹر صاحب سے ڈیمانڈ کی تھی کہ آپ اس پارک کو لیڈیز پارک کے نام سے وہاں پر دوبارہ بحال کر دیں یا کھول دیں، نہ تو ایسی وہاں پر کوئی ڈیمانڈ ہوئی تھی، نہ وہاں پر کوئی ایسی بات ہوئی تھی، میں خود بھی گورنمنٹ کے توسط سے اپنے مشران کو بھی، بنوں کی عوام کو بھی یہ کہنا چاہتا ہوں، ساتھ ہی ساتھ عدنان بھائی نے جس طرح بات کی، کمشنر صاحب نے بالکل غلط بیانی سے کام لیا ہوا ہے، اس چیز پر میں بحیثیت پراونشل منسٹر اس بات کو چیف

منسٹر کے نوٹس میں بھی لاؤں گا، بنوں کے عوام کو بھی میں یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ایک ایسی سر گرمی جس سے ہمارے علاقے کے رسم ورواج یا ہمارے آباؤ اجداد کا جو پرانا طریقہ کار چلا آرہا ہے، اس کو متاثر ہو، نہ ہم نے ایسی کوئی ڈیمانڈ کی ہے اور نہ ایسی ہم کوئی بات کریں گے، ان شاء اللہ مشران ہم سارے ایک ہی ساتھ، ایک ہی Page پر Apex committee کے جو مطالبات تھے، اس پر ہم کام کر رہے ہیں اور ہو بھی رہا ہے، کسی حد تک وہاں پر کام ہو چکا ہے، کسی حد تک اس پر کام باقی رہتا ہے، ان شاء اللہ ہمیں اس پر اپنے مشران کو بھی، کمیٹی ممبران کو بھی، بشمول عدنان بھائی کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ آپ کے ساتھ جو بھی ہماری کمٹمنٹ تھی، جو بھی سی ایم صاحب کی بات تھی یا Open وہاں پر انہوں نے جلسہ کر کے جو آپ کے ساتھ کمٹمنٹ کروائی تھی، اس پر عمل ہو گا لیکن سر دست کمشنر صاحب نے جو غلط بیانی سے کام لیا ہے، جو غلط بات اس نے کی، ایک ایسے مسئلے کو وہاں پر چھیڑا جس سے وہاں پر لاء اینڈ آرڈر کا بھی مسئلہ بن سکتا ہے، لوگ وہاں پر مشتعل ہو کر نکل بھی سکتے ہیں، دوبارہ ایسے سانحات وہاں پر رونما ہو سکتے ہیں، اس کو میں Condemn بھی کرتا ہوں، یہ سراسر حقیقتاً اس پر مبنی نہیں ہے، یہ غلط بات ہے جو کمشنر صاحب نے وہاں پر چھیڑی ہے۔

جناب سپیکر: کمشنر کون اپوائنٹ کرتا ہے۔

وزیر آبنوشی: سر، پراونشل گورنمنٹ کا نمائندہ ہے، وہاں پر گیا ہوا ہے، پراونشل گورنمنٹ کا نمائندہ ہے۔

جناب سپیکر: گورنمنٹ کون ہے؟

وزیر آبنوشی: ہم، سر، میں نے Assurance بھی دے دی اور جو اس نے غلط بیانی کی ہے، اس کو Openly میں نے Floor of the House آپ کو بتا دیا۔

جناب سپیکر: Let us witness what will be done، ہم اسے کیا کہتے ہیں، ہم دیکھیں گے کہ آپ کیا کرتے ہیں، What will the Government do۔

وزیر آبنوشی: سر، اس سے میری تو رائے یہ ہے کہ اس سے جواب بھی اس چیز پر مانگنا چاہیئے جس طرح عدنان بھائی نے بات کی یا کمیٹی نے جو سی ایم صاحب کی نگرانی میں بنی تھی۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں، وزیر محترم، مجھے اس بات پر بڑا دکھ ہوا ہے، بیٹھ جائیں آپ، کمشنر آپ کی Hierarchy کا ایک ملازم ہے۔

وزیر آبنوشی: سر۔۔۔۔

جناب سپیکر: جب میں Quote کرتا ہوں، جب کبھی اور آج بھی ہم 1857-58ء میں جی رہے ہیں تو پھر میرے دوست ساتھ خفا ہو جاتے ہیں، جب British empire نے Takeover کیا تھا، East India Company سے تو انہوں نے اسی طرح برصغیر کے لوگوں کو، ان کی آزادی سے آہستہ آہستہ، کرتے کرتے ضروریات زندگی پر لے آئے کہ انہیں کھانا کیسے ملے گا، وہ اپنے گھر کیسے جائیں گے، گھر سے باہر نکلیں گے، یہ وہ اجازت تھی جو اس دور میں لی جاتی، آج بھی ہم اسی سسٹم میں رہ رہے ہیں۔

وزیر آبنوشی: سر،۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ وہی بادشاہی نظام ہے جو تاج برطانیہ نے ڈیزائن کیا، یہ پارلیمنٹ اسی نظام کے نیچے ڈیزائن ہوئی تھی، یہ باتیں میں اس لئے کرتا ہوں کہ ہمارے لوگ سنیں کہ یہ جو سمجھتے ہیں کہ یہ بڑے اختیارات کے ساتھ ان کے عوامی نمائندے بیٹھے ہوئے ہیں اور Governments run کر رہے ہیں، ان کو پتہ لگے کہ گورنمنٹ کون Run کر رہا ہے، آپ کے عوامی نمائندے ایک Limited اختیار کے ساتھ اس سسٹم کو Run کر رہے ہیں، جہاں آپ کو ایک لوکل کمانڈر کو ریکویسٹ کرنی پڑے کہ آپ یہ کام اس طرح کر دیں، کہیں آپ Stand لیں گے تو باتیں آگے چلیں گی، میں اتنا ہی کہوں گا۔

وزیر آبنوشی سر، آپ کی بات حق بجانب ہے، میں تو اس بات پر بھی حیران تھا کہ اس میٹنگ میں نہ تو کمشنر صاحب ان دنوں بنوں میں تھے، نہ اس کی پوسٹنگ تھی، نہ وہاں پر بلکہ میرے خیال میں عابد وزیر صاحب جو ملاکنڈ کے کمشنر ہیں، ان دنوں اس کی پوسٹنگ ہوئی تھی اور Next ایک دو دن میں وہ چارج لینے والے تھے، اسی طرح ڈپٹی کمشنر صاحب کا بھی تبادلہ ہوا تھا، گیلری میں ہمارے ایک ڈی جی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ایم ڈی صاحب، سوری وہ As a Deputy Commissioner تعینات ہوئے تھے، ایک دو روز پہلے ہمیں خود بھی اس بات پر دکھ پہنچا ہوا ہے، آپ کی۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ اس کی Explanation دیکھتا ہوں، کیا Explanation آپ Call کرتے ہیں، اس پر ہم پھر کبھی بات کر لیں گے۔

وزیر آبنوشی: ٹھیک ہے، سر، وہ Surety دیں گے، ضروری بھی ہے، اسی بات کا۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، جناب وزیر قانون صاحب۔

وزیر آبنوشی: مہربانی سر۔

جناب سپیکر: جی وزیر قانون۔

(شور)

جناب سپیکر: ابھی اس کو، مجھے لینے دیں ناں، ایک منٹ، اس کو لینے دیں، اورنگزیب خان۔

(شور)

جناب سپیکر: بیٹھ جائیں، آپ Please kindly بیٹھ جائیں، Thank you very much,Thank you brother، جی وزیر قانون۔

وزیر قانون: جی سر،۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ ان سے آپ کوئی ریکویسٹ کریں ناں، یہ اپنی موشنز واپس لیں تو۔

وزیر قانون: سر، ہم نے تو پہلے بھی ریکویسٹ کی ہے، یہ ضمنی بجٹ ہے، اس میں دیکھیں، دو سو چالیس ارب ضرور ہے لیکن اس میں Major portion وہ تین بڑے Portions ہیں، وہ کل بھی ان کو ہم نے ریکویسٹ کی تھی کہ ایک سو پچاس ارب جو Debt management fund ہے وہ Create کیا گیا تھا جو DebtServicing کے لئے ہوگا، مستقبل میں اس کے ساتھ چونکہ ہم نے پہلے بجٹ پاس کیا تھا، فیڈرل گورنمنٹ نے بعد میں کیا، ہم نے دس پرسنٹ بڑھایا تھا، انہوں نے پچیس پرسنٹ اعلان کیا، ہمیں بھی پچیس پرسنٹ کرنا پڑا، اس وجہ سے بھی کرنٹ سائیڈ پر یہ دو بڑے Portion ایک Debt fund اور ایک جو Salary increase ہوئی، یہ تقریباً کافی بنتے ہیں، اس کے علاوہ ڈیویلپمنٹ سائیڈ پر آپ کو پتہ ہے، 35ارب کی ADP plus دی گئی جو کہ سیونگ کی تھی، چونکہ Basically Investment ہے لیکن وہ Expenditure میں Show ہوتا ہے، اس وجہ سے وہ حجم تھوڑا سا بڑا لگ رہا ہے حالانکہ Basically وہی جو Originally ہوتا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

وزیر قانون: نہیں۔

جناب سپیکر: کنڈی صاحب۔

وزیر قانون: اچھا جی۔

جناب احمد کنڈی: تمام کٹ موشنز جو ہیں کیونکہ جنرل ایڈمنسٹریشن پر بات ہو رہی ہے، میں نے ایک سوال کیا ہے، سی ایم سیکرٹریٹ کے حوالے سے، Expenses کے حوالے سے اگر یہ مجھے جواب دے دیں، یہ جو میں نے آپ کو بھی دیا، عباسی صاحب کو بھی دیا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کا جواب دے دیں، یہ تمام کٹ موشنز واپس لیتے ہیں۔

جناب احمد کنڈی: تاکہ پبلک سن لے کہ یہ جو پچاس کروڑ Discretionary Fund اور بیس کروڑ۔۔۔۔

جناب سپیکر: تمام اپوزیشن کے کٹ موشنز آپ واپس لے لیں ناں۔

جناب احمد کنڈی: تمام جو چالیس، پچاس نہیں، اپوزیشن کی نہیں، میں اپنی Not opposition، میں اپنی ذاتی کٹ موشن واپس لے لوں گا۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، ابھی یہ تو اتنا لمبا جواب دیں، پھر بھی آپ زیادتی نہ کریں ناں۔

جناب احمد کنڈی: تو Forty , fifty cut motion سے آپ کا ٹائم بچ جائے گا۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی۔

وزیر قانون: جناب سپیکر صاحب، کنڈیصاحب نے جو اعتراض اٹھایا، چونکہ ایڈمنسٹریشن پر انہوں نے کٹ موشن بھی جمع نہیں کیا لیکن چلیں، ہم ان کا حق تسلیم کر لیتے ہیں، ان کا اعتراض کرنے کا حق ہے، اس طرح ہے، میں نے کل بھی اس کے بارے ذکر کیا کہ یہ ایک الیکٹڈ گورنمنٹ ہے، یہ صوبہ آپ کو پتہ ہے کہ لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے فرنٹ لائن صوبہ ہے، یہاں پر Insurgencies، چونکہ قبائلی اضلاع، بارڈر ایریا یہ سارے معاملات ہوتے ہیں، اس کے علاوہ کرم میں، وزیرستان میں، North, South میں، دو ڈسٹرکٹس ہیں، وہاں کے معاملات میں اکثر اوقات سی ایم ہاؤس میں، سی ایم سیکرٹریٹ میں وہ جرگے ہوتے رہتے ہیں جس طرح ہمارے ملک لیاقت صاحب نے آپ کو بتایا کہ یہاں پر تو لسی کے اوپر وہ کروڑوں روپے کی لسی لوگ پی لیتے ہیں، اس کا بھی یہاں پر حساب کتاب نہیں ہوتا، چونکہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب وہ ویسے بھی ہمارا جو Tradition ہے، Hospitality اور مہمان نوازی کا تو یہاں پر اخراجات ہوتے ہیں، اس حوالے سے باقی ہمارے اور بھی معاملات ہیں، ہم سیاسی بھی۔۔۔۔

جناب سپیکر: پھر مجھے لگتا ہے، بس چھوڑیں، میں ووٹ پر ڈالتا ہوں۔

وزیر قانون: آئین اور قانون کی بحالی کے لئے Struggle کر رہے ہیں، پورے پاکستان میں یہی صوبہ لگا ہوا ہے، وہ آئین اور قانون کی بحالی کے لئے اور اس ملک کی بنیاد کے لئے جو یہ ملک جس بنیاد کے لئے Create کیا گیا تھا لیکن یہاں پر جو لاقانونیت مچائی ہوئی ہے وہ آپ کو پتہ ہے، اس Struggles کے لئے بھی یہاں پر اخراجات ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، میرے خیال میں جو Economic revival ہوئی، جو

سیونگ ہوئی، جو Austerities measures یہاں پر لئے گئے، میرے خیال میں اس کے اوپر کچھ کروڑوں کا اعتراض کرنا، چلیں وہ ہم سمجھ سکتے ہیں کہ یہ تو Highlight کریں گے لیکن ساتھ ساتھ میں یہ At least appreciate بھی کیا کریں کہ اس صوبے کو ہم نے Crisis سے نکالا ہے، جس صوبے، جس حکومت کو ملنے کے بعد ہمارے پاس ٹوٹل اٹھارہ دن کی تنخواہ نہیں تھی، آج الحمد للہ وہ صوبہ اپنے پاؤں پر بھی کھڑا ہوا، اس صوبے نے تاریخ کا سب سے بڑا ڈیویلپمنٹ بجٹ وہ پیش کیا، اس کے علاوہ الحمد للہ ہم نے وہ Pending Project، سینکڑوں، چار سو اکتالیس پراجیکٹس میں نے کل بھی ذکر کیا، پرسوں وہ ہم نے کمپلیٹ کئے ہیں، ان شاء اللہ میں یہ دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ پانچ سالہ دور وہ اس صوبہ خیبر پختونخوا کا تقدیر بدلنے والا ہے، Thank you so much۔

(شور)

<u>جناب عدنان خان</u>: سر، یہ جو بارہ کروڑ کے بسکٹ انہوں نے کھائیں ہیں، اس کے بارے میں انہوں نے کچھ جواب نہیں دیا، انہوں نے Refreshment اور بسکٹ کھائیں ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی وزیر قانون۔

<u>وزیر قانون</u>: سر، ہمارے حالات یہ ہیں کہ ہمارے سارے منسٹرز جتنے بھی ہیں وہ Refreshment اپنے جیب سے کرتے ہیں، آپ یقین کریں Offices میں۔۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر قانون</u>: دیکھیں، اور۔۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر قانون</u>: اگر اس طرح ہوا تو پھر آپ گورنر ہاؤس کی Justification یہاں پر ہمیں دیں، وہ تو Public office بھی نہیں، وہ تو عوامی ایک Ceremonial office ہے ناں، وہاں پر آپ دیکھ لیں کہ کتنا ہے وہ تو روزانہ Foreign tours پر بھی ہوتے ہیں، یہاں پر ہمارے منسٹرز میرے خیال میں شاذ و نادر یہ ڈیڑھ سال میں کوئی گیا ہوگا، یہ Foreign tour پر بھی ہماری Austerity ہے، گاڑیوں کے اوپر بھی ہے، باقی بھی ہے، یہ آپ Appreciate نہیں کرتے ہیں، آپ کو پانچ کروڑ سے چند کروڑ بڑے ہیں تو وہ آپ کو تکلیف ہوتی ہے۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر قانون: میں اپنے بھائیوں سے ریکویسٹ کرنا چاہوں گا۔جناب سپیکر صاحب، دیکھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں، ریکویسٹ کرتے ہیں۔

وزیر قانون: یہاں پر باقی بھی گیلریز میں ہمارے ساتھ پریس والے ہیں، باقی لوگ ہیں اگر ایوان کا پراسیس ہم آگے بڑھائیں، ان سے ریکویسٹ کر رہے ہیں کہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ مائیک ذرا کنڈی صاحب کا On کرو۔

جناب احمد کنڈی: میں آفتاب صاحب کو Really appreciate کرتا ہوں جو کم از کم سوالوں کے جواب کی ہمت تو کرتے ہیں، اب کہاں کا فنڈ تھا، یہ ساؤتھ وزیرستان، اور نارتھ وزیرستان کے جرگوں پر گئے ہیں لیکن پھر بھی Ultimately appreciate کرتا ہوں، میں نے جو کمٹمنٹ کی ہے، میں اپنے Cut motions withdraw کرتا ہوں، میں تمام اپنے Cut motions withdraw کر رہا ہوں، ان کے اس جواب دینے پر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: آپ سارے Withdrawn کرتے ہیں، اس میں تو آپ کا نہیں ہے ناں، Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 2۔آپ کچھ کہہ رہی ہیں۔

(شور)

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی آپ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: ڈیمانڈ نمبر 2 .کٹ موشن، اس کو Withdrawn کرتی ہوں۔

جناب سپیکر: آپ اس کو Withdrawn کر رہی ہیں ناں۔

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 2,therefore,the question before the House is that the Demand No.2 may be granted?Those who are in favour of it may say 'Yes'and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 2, is granted.

معزز اراکین اسمبلی، جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ آج کا ایجنڈا بہت زیادہ ہے، لہذا میں قاعدہ 148 کے ذیلی قاعدہ 4 کے تحت اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے ضمنی بجٹ برائے مالی سال 2024-25ء کے تمام مطالبات زر کو بغیر بحث کے حسب قاعدہ ایوان کی رائے کے لئے بغرض منظوری پیش کرتا ہوں۔

(اس مرحلہ پر تحریک منظور کی گئی)

(تالیاں)

Mr. Speaker: Demand No. 3. Finance, Treasury and Local Fund Audit. The Minister for Finance, to please move Demand No. 3.

وزیر قانون: شکریہ۔جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 80 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران خزانہ، خزانہ جات اور لوکل فنڈ آڈٹ کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion is moved: a sum not exceeding rupees 80/- only, may be granted to the Provincial Government, to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2025, in respect of Finance, Treasuries and Local Fund Audit. Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.3 is granted. Demand No. 4. Planning and Development, Bureau of Statistics. The Minister for law, to please move the Demand No. 4.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 06 کروڑ، 40 لاکھ 63 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائیں جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران منصوبہ بندی و ترقی و شعبہ شماریات کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 06 crore, 40 lac, 63 thousand only,may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending

30th June 2025 in respect of Planning & Development and Bureau of Statistics? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 4 is granted. Demand No. 5. Information Technology, the Minister for law to please move Demand No. 5.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 02 کروڑ 15 لاکھ 36 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 02 crore 15 lac 36 thousand only may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2025 in respect of Information Technology? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 5 is granted. Demand No. 6. Revenue and Estate. The Minister for Revenue and Estate to please move the Demand No. 6.

جناب نذیر احمد عباسی (وزیر مال واملاک): شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 110 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران مال گزاری و املاک (Revenue & Estate) کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding Rs.110 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Revenue & Estate. ? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 6 is granted. Demand No. 7, Excise and Taxation. The Minister for Excise and Taxation, to please move Demand No. 7.

جناب خلیق الرحمٰن(وزیر محاصل، آبکاری و نارکاٹکس کنٹرول): تھینک یو۔ جناب سپیکر صاحب، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 690روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران آبکاری، محاصل و انسداد منشیات کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding Rs.690 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect ofExcise , Taxation & Narcotics Control? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 7 is granted. Demand No. 8. Home.The Minister for law, to please move Demand No. 8.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 26کروڑ 71لاکھ 67 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ داخلہ کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, now the question before the House is that a sum not exceeding Rs.26 crore 71 lac 67thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Home? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 8 is granted. Demand No. 9. Jails and Convicts Settlements, the Special Assistant to Chief Minister for Prisons to please move Demand No. 9.

جناب ہمایون خان(معاون خصوصی جیل خانہ جات): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01ارب 58کروڑ 85لاکھ 70ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے

لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ جیل خانہ جات کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 01 billion 58 crore 85 lac 70 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Prisons? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 9 is granted. The Minister for law, to please move Demand No. 10. Police.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 25کروڑ 30لاکھ 09ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ پولیس کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs.25 crore 30 lac 09 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Police? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.10 is granted. Demand No. 11, Administration of Justice. The Minister for law, to please move Demand No. 11.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01ارب 70کروڑ 37لاکھ 98ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ عدل وانصاف کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 01 billion 70 crore 37 lac 98 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Administration of Justice? Those who

are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.11 is granted. Demand No. 12, Higher Education, Archives and Libraries. The Minister for Higher Education, to please move Demand No.12.

جناب مینا خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو۔ جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01 ارب 93 کروڑ 99 لاکھ 74 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ اعلیٰ تعلیم، دستاویزات و کتب خانہ کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 01 billion 93 crore 99 lac 74 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30thJune, 2025, in respect of Higher Education, Archives and Libraries? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.12 is granted. Demand No. 13, Health. Advisor to Chief Minister, for Health, to please move Demand No. 13.

جناب احتشام علی (مشیر صحت): شکریہ۔ جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 890 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صحت کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 08 hundred and 90 only may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Health? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.13 is granted. Demand No. 14, Communication & Works. The Special Assistant

to Chief Minister for Communication & Works to please move Demand No. 14. Minister law, please do the same.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 130 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران مواصلات و تعمیرات کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 130 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Communication & Works? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.14 is granted. Demand No. 15, Buildings and Structures repair. The Minister for law, to please move Demand No. 15.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01 ارب 32 کروڑ 46 لاکھ 15 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران عمارات کی مرمت کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker:The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 01 billion 32 crore 46 lac 15 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Buildings and Structures repair?Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.15 is granted. Demand No. 16. Roads, Highways, Bridges, Buildings and Structure repairs. The Minister for law, to please move Demand No. 16.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01 ارب 60 کروڑ 96 لاکھ 71 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کی ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون

2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران سڑکوں، شاہراہوں، پلوں کی مرمت کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 01 billion 60 crore 96 lac 71 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Construction of Highways and Bridges?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.16 is granted. Demand No. 17, Public Health Engineering. The Minister for Public Health Engineering, to please move Demand No. 17.

جناب پختون یار خان (وزیر آبنوشی): جناب سپیکر صاحب، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 01 ارب 09 کروڑ 59 لاکھ 38 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران آبنوشی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 01 billion 09 crore 59 lac 38 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Public Health Engineering? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.17 is granted. Demand No. 18, Local Government. The Minister for law, to please move Demand No. 18.

وزیر قانون: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 02 ارب 87 کروڑ 22 لاکھ 68 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 02 billion 87 crore 22 lac 68 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Local Government and Rural Development? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.18 is granted. Demand No. 19,Agriculture. TheMinister for Agriculture, to please move Demand No. 19.

جناب محمد سجاد (وزیر زراعت): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 270روپے سے متجاوز نہ ہو،ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران زراعت کے سلسلے میں برداشت کرنے ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion moved, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 270 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2025, in respect of Agriculture? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No.19 is granted. Demand No. 20, Livestock, Animal husbandry. The Minister for Livestock, to please move Demand No. 20.

